کیل، مہاسوں کے لیے سیب کی پتلی قاشیں کاٹ کر تھوڑے سے پانی میں دھیمی آنچ پر گلا کر زم گودا سا بنا کر ٹھنڈا ہونے کے بعد چہرے پر لگا لیں۔ 15 منٹ بعد چہرہ دھو لیں۔ کیل مہاسوں سے نجات مل جائے گی۔

# پیٹ درد

خالص شہد ایک تولہ، عرق گلاب، عرق سونف اور عرق پودینہ ہر ایک دو تولہ، شہد کو اچھی طرح تینوں عرق میں ملا کر دن میں چار مرتبہ آدھی چمچ دیں، بچوں کے پیٹ درد کیلئے بہت مفید ہے۔

Follow Us facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

عبقری

# کمزور نظر کیلئے

جس قدر بھی نظر کمزور ہو جائے ہر نماز کے بعد تین مرتبہ یہ آیت فَكَشَفْنَا عَنكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے آنکھوں پر لگانے سے نظر ٹھیک ہو جاتی ہے۔

اس عمل کی اجازت عام ہے

عبقری

## امام محمد تقی الجواد علیہ السلام نے فرمایا:

جس نے تم سے بیٹی یا بہن کا رشتہ مانگا اور تمہیں اس کی دینداری، اور امانتداری پسند آئی (اور یقین ہے) تو وہ رشتہ قبول کرو اور اگر تم نے ایسا نہ کیا تو تمہارا یہ عمل روئے زمین پر عظیم برائی وفتنہ کا سبب بنے گا۔

(تہذیب الاحکام: ج 7، ص 396، ح 9)

(من لا یحضرہ الفقیہ: جلد 3: حدیث 4381: ص 241)

# جگر و معدہ کے مایوس مریض صحت یاب

جگر و معدہ کے لاعلاج مریض، ہیپاٹائٹس، شوگر، پیلا یرقان، پیٹ پھول گیا ہو، جوڑوں کا درد، بلڈ پریشر، اعصابی کمزوری، چند قدم چلنے سے سانس پھولتا ہو طبیعت میں ہر وقت پریشانی، جوانی کی طاقت اور صحت کی امنگ نہیں یا اگر آپ کسی بھی بیماری میں مبتلا نہیں تو بھی صبح و شام ایک چٹکی استعمال کریں کبھی مریض نہیں بنیں گے۔ کسی بھی مرض میں اسے استعمال کرسکتے ہیں۔ کاسنی اور کلونجی کے بیج ہم وزن لے کر پتھر کنکر صاف کرکے انہیں ملالیں چاہیں تو پیس لیں ورنہ ثابت بھی استعمال کرسکتے ہیں بس نسخہ تیار ہے آدھا چمچ صبح و شام استعمال کریں۔ پہلے مقدار تھوڑی رکھیں پھر آہستہ آہستہ بڑھاتے جائیں۔ چند دن، چند ہفتے، چند ماہ استعمال کریں۔

# اولاد کی نافرمانیوں سے تنگ والدین کے لیے لاجواب عمل

اول و آخر 3، 3 بار درود شریف اور درمیان میں سورۃ کوثر
500 بار روزانہ پڑھ کر چینی پر دم کرتے جائیں یہ عمل 11 دن
کریں 11 دن کے بعد یہ چینی شربت میں گھول کر یا کسی میٹھی چیز میں
ڈال کر بچوں کو کھلا دیں ان شاء اللہ بچے فرمانبردار ہو جائیں گے۔

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# آنکھوں کی الرجی کا روحانی علاج

# ولایت کے لیے آزمودہ عمل

جو شخص اللہ کی محبت میں آتا اور گناہوں کی زندگی کو چھوڑنا چاہے لیکن اس کا دل اور ماحول ساتھ نہ دے اور وہ گناہوں میں ڈوبا ہوا ہے چاہیے کہ یَاھَادِیُ کا مسلسل ورد کرے ان شاء اللہ رب کی رحمت اسے ڈھانپ لے گی

# کھجور سے دانتوں، چوٹ، زخم اور جلی ہوئی جلد کا علاج

کھجور کی بونڈی (کھجور کے اوپر والی Cap جو ٹہنی اور کھجور کے درمیان ہوتی ہے جس کو اکثر کھجور سے ہٹا کر پھینک دیا جاتا ہے اور پھر کھجور کھائی جاتی ہے) اس کو اکٹھا کرکے سائے میں خشک کرکے پیس کر بالکل باریک پوڈر بنالیں اس میں انوکھی شفا دی ہے۔

☆ یہ پوڈر دانتوں کے لیے دنیا کا کامیاب ترین آخری منجن ہے دانتوں کی کوئی بیماری ہو اس کو دانتوں پر ملیں دس منٹ کے بعد کلی کرلیں جس طرح اس بونڈی نے کھجور کو پکڑا ہوتا ہے اس طرح مسوڑھے دانتوں کو پکڑے رہیں گے۔

☆ چوٹ لگ جائے تو یہ پوڈر سرسوں کے تیل میں ملا کر مالش کرکے اوپر کپڑا باندھ دیں چند دفعہ کے استعمال سے گہری سے گہری چوٹ بھی ٹھیک ہو جائے گی۔

☆ جو زخم بالکل گل گیا ہو ڈاکٹر کہیں یہ جگہ کاٹی جائے گی اس کے لیے اس پوڈر کو آٹے سے بھی زیادہ بالکل باریک کرکے زیتون کے تیل میں ملا کر اس کی پٹی باندھیں روزانہ پٹی بدلیں کچھ عرصہ استعمال کریں زخم کا نشان بھی باقی نہیں رہے گا۔

☆ جسم کا کوئی حصہ جل جائے تو فوراً جلی ہوئی جگہ پر یہ پوڈر گری کے تیل میں ملا کر لگائیں اسی وقت ٹھنڈک پڑ جائے گی چند بار کے استعمال سے نشان بھی ختم ہو جائے گا۔

انوکھے روحانی و جسمانی ٹوٹکے دیئے گئے لنک میں سنیں

درس روحانیت و امن
facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org
عبقری

عبقری

# خرید و فروخت میں نفع کے لیے پُرتاثیر عمل

کوئی بھی چیز خریدنے یا بیچنے سے پہلے 41 مرتبہ یَانَافِعُ پڑھ لیں

اس کی برکت سے خرید و فروخت بہت نفع مند ثابت ہوگی۔

تاجروں، دکانداروں اور ہر قسم کی خرید و فروخت کرنے والوں

کے لیے لاجواب عمل ہے۔

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

# زندگی کو جنت بنائیں۔۔۔!!!

# صرف 11 بار یَابَاعِثُ یَانُوْرُ پڑھیں

جس کا دل گھٹا رہتا ہو، دل کے وال بند ہوں، ٹینشن، اینگزائیٹی، خودکشی کرنے کو دل کرتا ہو، غصہ، جھنجلاہٹ، راتوں کی نیند چھن گئی ہو، نیند کے لیے گولیاں کھاتے ہوں، ڈراؤنے اور الٹے سیدھے خواب آتے ہوں، ہائی بلڈ پریشر، دل کے سکون کے لیے، دل نماز، تسبیح کی طرف راغب نہ ہوتا ہو تو پریشان نہ ہوں رات کو سوتے وقت دل پر ہاتھ رکھ کر صرف 11 بار یَابَاعِثُ یَانُوْرُ کو پڑھنے کا معمول بنالیں اور اللہ کی رحمت سے اپنے مسائل کو آنکھوں سے حل ہوتا دیکھیں۔

انوکھے روحانی و جسمانی ٹوٹکے دیے گئے لنک میں سنیں

درس روحانیت و امن
facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org
عبقری

# کھجور کی گٹھلی پانچ بیماریوں کا آزمودہ علاج

جوڑوں کا پرانا درد، دل کے بند وال، کمر درد، گردے، مثانے، پتے کی پتھری، خواتین کے پوشیدہ امراض، جسمانی کمزوری اور مردانہ طاقت کے لیے آزمودہ اور بہترین علاج ہے

طریقہ استعمال: کسی بھی کھجور کی گٹھلیوں کو باریک پیس کر اس کا پوڈر بنالیں اس پوڈر کا ایک چمچ صبح و شام، دودھ کے ہمراہ کھائیں۔ چند دن، چند ہفتے، چند مہینے استعمال کریں

انوکھے روحانی وجسمانی ٹوٹکے دیے گئے لنک میں ہیں

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org
عبقری

# اونٹنی کے دودھ سے خطرناک امراض کا علاج

اونٹنی کا کچا دودھ آدھا کلو روزانہ نہار منہ پئیں 80 دن تک لگاتار۔ ہیپاٹائٹس، گردوں اور پیشاب کی تکالیف، جگر کی ہر قسم کی بیماری اور شوگر کے لیے اللہ کے کرم سے سو فیصد فائدہ ہوگا۔ کھانا ہضم ہوگا، طاقت آئے گی۔ دودھ کچا ہی پینا ہے، اونٹنی کا دودھ پینا سنت بھی ہے۔ یہ دودھ اگر ایک گھنٹے تک کھلی ہوا میں پڑا رہے تو اس میں کیڑے پیدا ہوجاتے ہیں۔ اس لیے کچے دودھ کو فریج میں رکھیں۔ (م،ص، سکھر)

# چوری اور حادثاتی موت سے حفاظت

اس عمل کی اجازت عام ہے

جو شخص رات کو سوتے وقت 21 مرتبہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

پڑھے گا تو انشاء اللہ مال و اسباب کی چوری

اور حادثاتی موت سے محفوظ رہے گا

عبقری

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# "مُحَمَّدُ الرَّسُوْلُ اللہ اَحْمَدُ الرَّسُوْلُ اللہ" موت کے سوا ہر چیز کا علاج

جو شخص نماز جمعہ کے بعد مُحَمَّدُ الرَّسُوْلُ اللہ اَحْمَدُ الرَّسُوْلُ اللہ 35 بار کاغذ پر لکھ لے اور اپنی جیب میں رکھے اور ہر صبح فجر کی نماز کے بعد سورج طلوع ہونے سے پہلے اس کاغذ کو دیکھتے ہوئے چند بار کوئی سا بھی درود پاک پڑھے۔ اس کی جیب کبھی خالی نہیں ہوگی اگر مقروض ہے تو قرضے اتر جائیں گے۔ اللہ برکتوں کے اور رزق کے دروازے کھول دے گا۔ شیطانی واروں، وسوسوں اور دشمن کے حملوں سے حفاظت ہوگی۔ اللہ کی محبت اور اللہ کا تعلق ملے گا اور بہت جلد اس کو حضور پاک ﷺ کا دیدار نصیب ہوگا۔ اور جو شخص اسے ہر نماز کے بعد 35 مرتبہ پڑھے گا خدا اسے گناہوں بھری زندگی کی دلدل سے نکال دیں گے۔ سگریٹ، پان، افیون یا کسی بھی قسم کا نشہ چھوڑنا چاہتے ہیں، وہ گناہ کا نشہ ہے، نیٹ کا نشہ ہے۔ عادات بد، کسی عیب میں مبتلا ہیں اس سے چھٹکارا چاہتے ہیں، جادو جنات نے زندگی کو اجیرن بنایا ہو، ہو، نظر بد کے ڈسے ہوؤں کے لیے، لاعلاج بیماریوں کے لیے جسے ڈاکٹروں نے لاعلاج قرار دے دیا ہو، گھریلو جھگڑوں، میاں بیوی میں نفرتیں، بچے تنگ کرتے ہوں، رزق تنگ ہو، اپنی آنے والی نسلوں کے مقدر اور نصیب سنوارنا چاہتے ہیں تو اسکو ہر نماز کے بعد 35 بار پڑھنے کا معمول بنا لیں۔

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

عبقری

# شادی کے لیے لاجواب عمل

اس عمل کی اجازت عام ہے

اسم "یَا عَلِیُّ" کو روزانہ بعد نماز مغرب تنہائی میں بیٹھ کر 2970 مرتبہ پڑھیں، یہ عمل 40 دن کریں۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے اللہ غیب سے رشتے کے اسباب بنا دے گا۔

# چند کلمات جو مالا مال کر دیں

جو شخص صبح و شام یہ کلمات 100 بار پڑھے گا۔ تو اس کی برکت سے

اللہ اس پر رزق کے دروازے کھول دے گا۔ اور اس کے معاشی

حالات بہتر ہو جائیں گے اور اس کے رزق میں ایسی برکت ہو جائے

گی کہ خود ضرورت مندوں کو دینے والا بن جائے گا۔

"لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ"

# فٹنس اور قابل رشک صحت کا ایک راز

## جسے پانے کیلئے انگریز سائنس دان نے لاکھوں ڈالرز کی ریسرچ کی

اس سال حج کے سفر میں بیت اللہ کے ایک بہت بڑے عالم نے حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم کی دعوت کی۔ دوران دعوت انوکھا واقعہ سنایا۔ سعودی حکومت کی طرف سے لیبیا میں ایک معزز شخصیت سفیر مقرر تھے، ان کی صحت قابل رشک اور عمر 70 سال سے زیادہ تھی لیکن وہ 40 سال کے نظر آرہے تھے تو انہوں نے اپنی اس فٹنس کا راز بتایا کہ ہر کھانے کے بعد ایک انجیر کا دانہ اور 7 زیتون کے دانے کیونکہ قرآن میں انجیر کا ذکر 1 بار اور زیتون کا ذکر 7 بار آیا ہے۔ ایک بہت بڑے سکالر نے بتایا کہ میں نے نیٹ پر سرچ کیا کہ انگریز سائنسدان نے سالہا سال کی تحقیق اور لاکھوں ڈالر خرچ کرنے کے بعد یہ نتیجہ اخذ کیا کہ دنیا کے صحت کے رازوں میں سے انجیر اور زیتون ایک راز ہے پھر بہت ریسرچ کے بعد اس کی مقدار پر جب پہنچے تو حیران ہوا کہ ایک وقت میں 1 انجیر اور 7 زیتون کھائے جائیں تو انسان صحت مند رہتا ہے۔ اس انگریز سائنس دان نے کسی عرب سکالر کو یہ بات بتائی اس نے کہا کوئی حیرانگی کی بات نہیں اس کا تذکرہ قرآن میں پہلے سے آچکا ہے اور قرآن میں انجیر کا تذکرہ 1 بار اور زیتون کا تذکرہ 7 بار آیا ہے یہ سن کر وہ انگریز مسلمان ہو گیا۔

**صحت، فٹنس، تندرستی کیلئے، دماغی اور مردوں کی خاص طاقت کیلئے، یوریا، یورک ایسڈ، جوڑوں کا درد، موٹاپا، جسمانی واعصابی کمزوری دور کرنے کیلئے 7 زیتون کے دانے اور 1 انجیر کا دانہ ہر کھانے کے بعد یا صبح شام استعمال کریں۔**

مزید انوکھے روحانی وجسمانی ٹوٹکے دیئے گئے لنک میں دیکھیں

عبقری
www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

کینسر کا علاج
کینسر خواہ کسی بھی قسم کا ہو۔ ایک کلو زیتون کے تیل میں 100
گرام ہلدی پکا کے ... رکھیں۔ ہر غذا کے بعد
بیس قطرے پی کر نیم گرم پانی پیا کریں۔ انشاءاللہ مرض ختم ہوگا۔
اللہ پاک میرے ماں باپ کو بھی اس پوسٹ کا ثواب دے۔ آمین۔

# صرف تصور کریں اور مال دار بن جائیں!

جو شخص صبح اٹھتے ہی یہ تصور کرے کہ آج کا دن اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو کیسے راضی کروں گا؟ یہ تصور کرنے سے اللہ عرش سے ایک فرشتہ بھیجتا ہے کہ جا کر اس شخص کے ماتھے پر غنی لکھ دے۔

اس بندے نے اٹھتے ہی میرا تصور کیا کہ آج اس نے مجھے اور میرے حبیب ﷺ کو راضی کیسے کرنا ہے۔

میرے حبیب ﷺ کو راضی کرنا ایسے ہے جیسے مجھے راضی کرنا۔

ماتھے پر غنی لکھوانے والا اللہ ہو اور نورانی حروف سے لکھنے والا فرشتہ ہو اور جس کی پیشانی پر روز غنی، غنی، غنی کا لفظ لکھا جائے تو خود ہی سوچیں یہ پیشانی کتنی مبارک ہوگی اور کیا وہ غنی ہو کر نہیں رہے گا؟ وہ خوشحال ہو کر نہیں رہے گا؟ اور جس کو اللہ غنی کر دے اسے کوئی دنیا کی طاقت فقیر نہیں کر سکتی۔ جس کے ماتھے پر یہ لفظ لکھا گیا اس کی نسلیں فقیر نہیں ہو سکتیں، تنگدستی میں نہیں جا سکتیں، غربت میں نہیں جا سکتیں، قرضوں میں نہیں جا سکتیں، اللہ انہیں تونگری دے گا۔ ان شاء اللہ

نسلوں کیلئے اور اپنے لیے یہ چند سیکنڈ کا تصور ضرور کریں۔

اور جو بندہ صبح اٹھتے ہی اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا نام نہ لے اور یہ سوچے کہ آج کے دن دنیا میں مال کیسے کماؤں گا، آج کے دن جائیداد، چیزیں، اقتدار، صنعت اور تجارت کیسے کروں گا۔ تو اللہ عرش سے فرشتے کو بھیجتا ہے کہ جا کر اس شخص کے ماتھے پر فقیر، غربت، تنگدستی، مفلسی لکھ دے۔ بس پھر اللہ جس کیلئے مفلسی لکھ دے وہ خوشحال کیسے ہوسکتا ہے؟

# کچن سے گھریلو جھگڑوں کا خاتمہ

جو خواتین کھانا پکاتے ہوئے یَا لَطِیْفُ، یَا وَدُوْدُ
کا ورد کریں گی ان کے گھر سے بیماریاں، لڑائی جھگڑے،
میاں بیوی کی آپس میں ناچاقیاں، ختم ہو جائیں گی
اور گھر کے اندر آپس میں پیار، محبت، چین و سکون آ جائے گا۔

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org
عبقری

(مدت کی دوا بھی اور صحت بھی)



# عقابی طاقت پانے کیلئے چند دانے کھائیں

## زرشک شیریں

(کالے کشمش جیسا ہوتا ہے جو کہ گوشت روٹی یا کیک میں ڈالے جاتے ہیں کسی بھی پنساری کی دکان سے مل جائے گی)

یہ زرشک شیریں دماغی تقویت، نظر کی قوت، عینک کے توڑ کیلئے قدرت کا ایک انوکھا طبی راز ہے۔ دائمی سر درد کے مریض یا جن کے چہرے پر جھریاں بڑھتی چلی جارہی ہوں ان کیلئے بہت مفید ہے۔ قبل از وقت بڑھاپا' جسم کی تھکن' طبیعت کی گھٹن' ہیپاٹائٹس کا پرانے سے پرانا مریض' جگر کی کوئی تکلیف' کالا یرقان ہو یا پیلا' جگر سکڑ رہا ہو یا جگر کا کینسر بتایا گیا ہو ان سب کیلئے انوکھا تریاق ہے۔ صبح نہار منہ اور عصر کے بعد کھانے کا ایک چمچ زرشک شیریں نیم گرم دودھ کے بڑے گلاس کے ساتھ خوب چبا چبا کر کھائیں۔ گرمی کے موسم میں اس کا ایک انوکھا مزہ ہے عرق گلاب ایک چھوٹا چائے کا کپ لیکر اس میں دو بڑے چمچ زرشک شیریں کے رات کو بھگو دیں۔ صبح نہار منہ زرشک شیریں خوب چبا چبا کر کھائیں اور اوپر سے ہلکا ہلکا گھونٹ عرق گلاب کا پی لیں حسن' جوانی' نکھار' شادمانی' دماغ' دل' پٹھے' اعصاب' جسمانی قوتیں اور کھوئی ہوئی طاقتوں کے حصول کیلئے اس سے بڑھ کر کوئی چیز شاید آپکو نہ ملے۔

انوکھے روحانی و جسمانی ٹوٹکے دیئے گئے لنک میں سنیں

ماہنامہ عبقری میگزین

# پیٹ کے ہر مرض کا علاج

جس شخص کو کھانا اچھی طرح ہضم نہ ہوتا ہو، گیس تنگ کرتی ہو اور اسی طرح کے دوسرے امراض نے زندگی کا سکھ چین چھینا ہوا ہو تو اس شخص کو چاہیے کہ کھانا کھانے سے پہلے "یَامُقِیتُ" کو 11 بار پڑھنے کا معمول بنالے۔

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

# بیری کے پتوں سے جادو، نظر بد اور لا علاج بیماریوں کا خاتمہ

ایسا کالا جادو جس کی وجہ سے اولاد سے محرومی ہو، ہر وقت گھر میں جھگڑے، فساد کا بازار گرم ہو، نا حل ہونے والی مشکلات، رزق کی تنگی، لا علاج بیماریاں اور نظر بد کے ڈسے ہوؤں کے لیے لا جواب عمل ہے طریقہ: 40 بیری کے پتے لیں ہر پتے پر پہلا کلمہ اور آیت کریمہ 3،3 مرتبہ پڑھ لیں پھر ان پتوں کو پانی میں اُبالیں۔ مریض اس پانی سے نہائے۔ چند دن، چند ہفتے، چند مہینے اس عمل کو کریں اور اس کا کمال دیکھیں۔

نسخے روحانی جسمانی نسخے۔ بیتے گئے تجربے
facebook.com/ubqan twitter.com/ubqan www.ubqan.org
عبقری

عبقری

# اکیس دن میں سخت مزاج خاوند مہربان

اس عمل کی اجازت عام ہے

بعد نماز عشاء ہزار دفعہ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامُ پڑھیں ہر مشکل حل ہو جائے گی' خاوند سخت مزاج ہے تو مہربان ہو جائے گا اور ان شاء اللہ کام اکیس دن سے پہلے ہو جائے گا۔

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# آفات وبلیات سے چھٹکارا

جو شخص چاہتا ہے کہ وہ ہر قسم کے حادثات، آفات وبلیات سے محفوظ رہے، کسی بھی مصیبت میں مبتلا نہ ہو اور زندگی میں سکھ، چین، عافیت، برکت ہو وہ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ سورۃ فاتحہ کو پڑھنے کا معمول بنالے۔

اس عمل کی اجازت عام ہے

عبقری
www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

# غصے کا علاج

اگر کوئی شخص غصے کا بہت تیز ہو اور چھوٹی چھوٹی باتوں پر لڑائی جھگڑے پر اُتر آتا ہو تو روزانہ 41 مرتبہ سورۂ فاتحہ پانی پر دم کرکے 41 دن تک پلائیں ان شاء اللہ اس کے مزاج میں نرمی آجائے گی


عبقری

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

# بیری کے پتوں سے جادو، نظر بد اور لاعلاج بیماریوں کا خاتمہ

ایسا کالا جادو جس کی وجہ سے اولاد سے محرومی ہو، ہر وقت گھر میں جھگڑے، فساد کا بازار گرم ہو، ناحل ہونے والی مشکلات، رزق کی تنگی، لاعلاج بیماریاں اور نظر بد کے ڈسے ہوؤں کے لیے لاجواب عمل ہے طریقہ: 40 بیری کے پتے لیں ہر پتے پر پہلا کلمہ اور آیت کریمہ 3،3 مرتبہ پڑھ لیں پھر ان پتوں کو پانی میں اُبالیں۔ مریض اس پانی سے نہائے۔ چند دن، چند ہفتے، چند مہینے اس عمل کو کریں اور اس کا کمال دیکھیں۔

نوٹ: روحانی جسمانی نسخے بے شک آزمودہ ہیں

عبقری
facebook.com/ubqan twitter.com/ubqan www.ubqan.org
روحانیت و امن

# فٹنس اور کھجور کی روٹی

طاقت، فٹنس، صحت مند جسم اور شاندار جوانی کے لیے کھجور کی روٹی ایک بہترین ٹانک ہے۔ کھجور کی روٹی جسم میں بہت زیادہ طاقت، قوت پیدا کرتی ہے۔ رنگ برنگے کیپسول، طاقت کی گولیاں، انجکشن اس روٹی کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔

بنانے کا طریقہ: پکی ہوئی نرم دس کھجوریں لے کر رات کو پانی میں بھگو دیں صبح ان کھجوروں کو اسی پانی میں اچھی طرح ہاتھوں سے مَل لیں کہ کھجوروں کے ریشے اس پانی میں حل ہو جائیں گٹھلیاں نکال دیں پھر اس پانی میں ایک چٹکی جوائن ڈال دیں اب اسی پانی سے آٹا گوندھ لیں اور اس کی روٹی پکا کر کھائیں۔

نوٹ: کھجور کا پانی روزانہ تازہ بنا کر استعمال کریں کیونکہ 12 گھنٹوں کے بعد اس میں خمیر پیدا ہو جاتا ہے۔

مزید انوکھے روحانی وجسمانی ٹوٹکے دیے گئے لنک میں سنیں

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

مال کے ہدیے ضرور دیں

لیکن اعمال کے ہدیے کا بھی رواج عام کریں

# تنگی اور پریشانی دور کرنے کا نسخہ اس عمل کی اجازت عام ہے

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ (الاعراف ۱۰)

اگر آپ کے پاس رہنے کی جگہ یا معاش نہ ہو روزی کا ذریعہ نہ ہو آپ رزق سے تنگ ہیں یا مسافر ہیں اور سامان آپ کے پاس کچھ نہیں ہے تو درج ذیل آیت اول وآخر درود شریف ایک سو گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھا کریں۔ جب تک تمام مسائل حل نہیں ہوتے اس آیت کو روزانہ پڑھنے کا معمول بنالیں۔

# مدینے کا سید، میرا بخار اور قہوے کے کرشمے

(شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ)

چند سال پہلے حج کی حاضری پر آٹھ دن مدینہ منورہ قیام رہا وہاں اچانک طبیعت میں نزلہ، چھینکیں اور کمزوری پیدا ہوگئی محسوس ہوا کہ بخار ہو رہا ہے اور واقعی میں بستر سے لگ گیا۔ غنودگی اور بے حسی تک کیفیت پہنچ گئی۔ کچھ ادویات بھی استعمال کیں۔ میرے بزرگ ساتھی حاجی محمد افضل صاحب بہت فکرمند تھے۔ اسی دوران بندہ کے مخلص ساتھی شیخ عماد اپنے ایک اردو بولنے والے دوست کے ہمراہ بندہ سے ملاقات کرنے تشریف لائے جب صورتحال کا پتہ چلا تو فوراً واپس ہوئے اور تھرموس میں ایک قہوہ لائے عربی میں اصرار کیا جس کا اس کے ساتھی نے ترجمہ کیا کہ چسکی چسکی اس کو پئیں۔

بندہ کو پتہ تھا کہ سعودی یعنی مدینہ منورہ کا سید ہے جس رسول مقبول ﷺ سے اس کا تعلق ہے جس کا چل کے آنا اور پھر نہایت شفقت اور خلوص سے قہوہ دینا میرے لیے بہت اہم تھا۔ بندہ نے وہ قہوہ پیا اور لیٹ گیا نیند آگئی جاگا تو طبیعت میں بہتری اور تندرستی محسوس کی۔ اس کے ذائقے کو سامنے رکھتے ہوئے اس میں کچھ دودھ ملا کر مسلسل پیتا رہا واقعی اسی دن طبیعت بالکل تندرست ہوگئی اور بھلا چنگا ہوگیا۔ دوسرے دن سید عماد تشریف لائے مجھے تندرست دیکھ کر بہت خوش ہوئے اور مزید پینے کی تاکید کی میری دیکھا دیکھی کمرے میں دوسرے احباب نے بھی استعمال کرنا شروع کر دیا۔ سید عماد دوسرا بڑا تھرموس بھروا کر لائے اس قہوے کو مزید لوگوں نے استعمال کیا تو اس کے اور بے شمار فائدے سامنے آئے۔

**ھوالشافی:** ادرک تازہ کدوکش کر لیں۔ اگر ادرک 50 گرام ہے تو اس میں دو کلو پانی ڈالیں اور انہیں دھیمی آنچ پر تقریباً 20 منٹ ابالیں پھر چھان کر شہد حسب طبیعت ملا کر تھرموس میں محفوظ رکھیں۔ دن بھر آپ یہ اس سے کم چسکی چسکی پئیں دن میں دو سے چار مرتبہ استعمال کریں۔ حسب طبیعت اس میں دودھ بھی ملا سکتے ہیں۔

# پیسے کبھی نہ ختم ہونے کا راز! ابھی پڑھیں' ابھی کریں

جو بھی کمائیں مثلاً اگر آپ سو روپیہ کما رہے ہیں تو اس میں سے ایک
یا دو روپے علیحدہ رکھ لیں اور ان علیحدہ کیے ہوئے پیسوں کو سنبھال کر
رکھیں اور جب رمضان المبارک آئے تو دورانِ رمضان المبارک ان
پیسوں سے کسی ضرورت مند کی مدد کر دیں' اللہ تعالیٰ کی رحمت سے
آپ کے پاس پیسے کبھی ختم نہیں ہوں گے اور آپ کے ہر کام میں اللہ
کی مدد آپ کے ساتھ ہو گی۔ نہایت پُر تاثیر اور آزمودہ عمل ہے۔

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# بارش کے پانی سے فرسٹ پوزیشن لیں

2011ء

## بارش کا پانی طلباء اور علاج مریضوں کے لیے قدرت کا انمول تحفہ

بارش کا پانی اکٹھا کر کے باریک کپڑے سے چھان لیں اور اسے سفید رنگ کی بوتل (شیشے یا پلاسٹک کی سفید بوتل ہو) میں بھر کر رکھ چھوڑیں بس دن رات یہی پانی استعمال کریں۔ ذہانت، یادداشت، عقل و فراست، آئی کیو لیول بڑھانے کے لیے طالب علموں اور دماغی کام کرنے والوں کے لیے قدرت کی طرف سے انمول تحفہ ہے۔

لاعلاج بیماریوں کے لیے اسی پانی پر اول و آخر درود شریف 800 بار تسمیہ (بسم اللہ الرحمن الرحیم) پڑھ کر ایک بار یا روزانہ دم کریں جتنا زیادہ دم کرینگے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ ہیپاٹائٹس، کینسر، دائمی نزلہ زکام، بے خوابی، پیٹ اور آنتوں کے امراض، مردوں اور عورتوں کے نسوانی امراض، آنکھوں کے امراض الغرض جس نے جس مقصد کیلئے استعمال کیا اس مقصد کیلئے فائدہ ہو اور سو فیصد ہوا۔

# ریشم کے استعمال کے فوائد

# نوزائیدہ بچے کے سر کے بال

# بینگن کھائیں! صحتمند ہو جائیں

بینگن ایک ایسی ہی سبزی ہے جسے زیادہ تر افراد کھانا پسند نہیں کرتے لیکن ایک حالیہ تحقیق کے مطابق بینگن انسانی معدے کو طاقت دینے کے ساتھ ساتھ بھوک میں بھی اضافہ کرتا ہے۔ بینگن کو گیس اور تیزابیت کے مریض بطور قبض کشا دوا کے استعمال کرتے ہیں۔ انسانی جسم کیلئے انتہائی مفید سبزی بینگن میں ایسے قدرتی اجزا بھی کثرت سے پائے جاتے جو کینسر جیسے موذی امراض سے محفوظ رکھنے میں نہایت مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ صرف یہی نہیں اس بیش فائدہ سبزی میں موجود پوٹاشیم دل کو تقویت بخشتا ہے جبکہ بینگن قوت حافظہ کی کمزوری کو دور کرتے ہوئے دیگر کئی بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت میں بھی اضافہ کرتا ہے۔

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# مغلیہ دور کے فٹنس اور جوانی کے 9 راز

## اور قارئین کی پسندیدگی اور اپنے مشاہدات کا اظہار

حیرت کی بات ہے کہ کئی ایسے زیادہ لوگوں نے پسندیدگی اور اپنے تجربات بطور صدقہ جاریہ بھیجے آپ بھی نیکی کے کام میں پیچھے نہ رہیں۔۔۔

contact@ubqari.org

### 1 گرمی دور اور آنکھیں پُرسکون:

یہ واقعی بہت اچھا ٹوٹکہ ہے یہ جسم میں پیدا ہونے والی گرمی کو دور کرتا ہے اور اس سے آنکھوں کو بھی سکون ملتا ہے۔ اللہ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو صحت والی زندگی عطا فرمائے۔ آمین! (محمد یسین سلطان)

### 2 کمر درد چند ہفتوں میں ختم:

چلنا پھرنا اور زندگی کے معمولات کو سرانجام دینا ہی زندگی ہے مگر بعض اوقات کوئی بیماری ایسی لگ جاتی ہے جو زندگی کو مفلوج بنا دیتی ہے۔ مجھے اکثر کمر درد کی شکایت رہتی تھی اور اس کی وجہ سے میں گھر کے کام کاج بھی ٹھیک سے نہیں کر پاتی تھی۔ میں نے کمر درد سے نجات کیلئے کچھ ٹوٹکے بھی آزمائے لیکن آرام نہیں ملا۔ تلوؤں کی مالش کے ٹوٹکے میں جادو ہے اس سے میرا کمر درد کا مسئلہ چند ہفتوں میں ہی حل ہو گیا۔ (بنت شریف)

### 3 پنڈلیوں میں درد:

میرے ٹانگوں اور خاص کر پنڈلیوں میں شدید درد رہتا تھا، میں بچوں سے ٹانگیں بھی دبواتی پھر بھی آرام نہیں آتا تھا لیکن ایک ہفتہ بلاناغہ تلوؤں کی مالش کرنے سے مجھے درد سے مکمل افاقہ ہو گیا ہے۔ (ثمینہ مسعود)

### 4 بے خوابی کیلئے بے خطا تیر:

بے خوابی کے مرض سے نجات کیلئے تلوؤں کی مالش کا ٹوٹکہ بے خطا تیر ہے۔ اس کے علاوہ میرا ایک آزمودہ ٹوٹکہ ہے کہ جس کو رات کو کھانسی آتی ہو اسکے پاؤں کے تلوؤں پر ویکس لگا کر جرابیں پہنا دیں کھانسی فوراً ختم ہو جاتی ہے۔ (عائشہ بانو)

# لاعلاج بیماریوں کا شرطیہ علاج

ملیریا، پرانا بخار، ٹائیفائیڈ، دل کے والو بند ہوں، کوئی چیز ہضم نہ ہوتی ہو، آنتوں کی بیماریاں، جوڑوں کا درد، جگر، ہیپاٹائٹس اور دوسری لاعلاج بیماریوں کیلئے جَو کی روٹی اور باجرے کا دلیہ (بھت) روزانہ استعمال کریں۔ یہ آزمودہ اور فطری علاج ہے۔ کچھ عرصہ استعمال کریں اور ان بیماریوں سے نجات پائیں۔

انوکھے روحانی وجسمانی ٹوٹکے! بیتے گئے نسل میں نسل

عبقری

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

روحانیت و امن

# چند الفاظ جو رزق کے بند دروازے کھلوا دیں

جو شخص فجر کی نماز کے بعد 101 بار یہ تسبیح پڑھے گا تو اللہ اسے در در کی

محتاجگی سے بچائے گا اور برکتوں کے ایسے دروازے کھلیں گے

کہ وہ دوسروں کو دینے والے بن جائے گا۔ انشاءاللہ

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ اَسْتَغْفِرُ الله

اس عمل کی اجازت عام ہے

عبقری

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

# غصیلے حضرات متوجہ ہوں!

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! میں ایک عمل عبقری قارئین کے ساتھ شیئر کرنا چاہتی ہوں اس سے مجھے بہت فائدہ ہوا ہے!

مجھے بات بات پر غصہ آتا تھا اکثر گھر والوں سے لڑنا جھگڑنا میرا معمول تھا۔ مجھے کسی نے ہر نماز کے بعد یَاخَالِقُ یَارَؤُوْفُ یَاسَلَامُ 100 دفعہ پڑھنے کیلئے بتایا۔ میں نے یہ عمل کیا، اللہ تعالیٰ کا لاکھ کرم ہے کہ اس کی برکت سے اب کبھی گھر میں لڑائی نہیں ہوتی اور میرا غصہ ایسا ختم ہوا ہے کہ جیسے میرے مزاج میں تھا ہی نہیں۔ (ر،ع)

ماہنامہ عبقری جون 2011 صفحہ 11

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org

# عزت اور دولت پانے کے لیے لاجواب عمل

عبقری

جو شخص اَلرَّافِعُ کو صبح و شام اول و آخر 3 بار درود شریف کے ساتھ روزانہ 101 بار پڑھنے کا معمول بنائے گا اللہ اس کے لیے برکت کے دروازے کھول دے گا اور اسے عزت، شان و شوکت عطا فرمائے گا، اس کے پاس مال و دولت کی ریل پیل ہوگی اور اللہ اسے لوگوں کی نظروں میں معزز بنا دے گا۔

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# پٹرول کی بچت کا راز

جب بھی اپنی سواری موٹر سائیکل، کار وغیرہ میں پٹرول ڈلوائیں تو اول وآخر درود شریف اور سات بار سورۃ کوثر پڑھ کر ٹینکی پر دم کریں اس عمل کی برکت سے اللہ پٹرول میں برکت دے گا اور کم پٹرول سے زیادہ سفر طے ہو جائے گا۔ (انشاءاللہ)

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

# کھیر بنارہے ہیں تو

# ذرا ٹھہریئے!

کھیر بناتے وقت دودھ بہت جلد نیچے لگتا ہے اس لگے دودھ سے کھیر کا ذائقہ خراب ہوجاتا ہے۔ جب بھی کھیر پکائیں پہلے برتن میں تھوڑا پانی ڈال کر ابالیں اور پھر پانی پھینک دیں، پھر اس برتن میں کھیر پکائیں تو دودھ نیچے نہیں لگے گا اور کھیر بھی نہایت لذیز پکے گی۔

[illegible] 2012 صفحہ 41

# پرمشکل آسان

# دکان میں گاہکوں کی ریل پیل کیلئے آزمایا عمل

[illegible]

[illegible] 45 [illegible]

[illegible] 30 [illegible] (ش،م)

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

# ایک پھونک اور نظر بد ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے "ماہنامہ عبقری" میں پڑھا تھا کہ جس بچے کو نظر بد لگتی ہے اس کے ماتھے پر ایک دفعہ سورۂ کوثر پڑھ کر پھونک ماریں۔ میرا ایک بھتیجا ہے بڑا ہی خوبصورت ہے اس کو اکثر نظر بد لگ جاتی تھی اور وہ بیمار ہو جاتا تھا میں نے اپنی بھابی کو یہ عمل بتایا انہوں نے اسے کرنا شروع کر دیا کل میری ان سے ملاقات ہوئی تو باتوں ہی باتوں میں انہوں نے بتایا کہ جس دن سے آپ کا بتایا ہوا سورۂ کوثر والا عمل کر رہی ہوں میرا بچہ بیمار نہیں ہوا۔ (ن، م)

ماہنامہ عبقری جنوری 2013 صفحہ 15

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org

# غم کا علاج

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

60 بار روزانہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کریں انشاءاللہ تمام رنج، غم دور ہو جائیں
اور دل کی گھبراہٹ کیلئے بھی یہ عمل مفید ہے۔

تحریری

# نظر بد سے حفاظت اور پُرکشش چہرہ

جب بھی آئینے میں اپنا چہرہ دیکھیں تو یہ دعا پڑھیں

"بِسْمِ اللّٰہِ مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ"

اس کی برکت سے آپ کے حسن میں نکھار آجائے گا،

نظر بد سے حفاظت بھی ہوگی، اور چہرہ بھی پُرکشش

اور خوبصورت ہو جائے گا۔ (ان شاءاللہ)

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

# دنیا کا ہر اٹکا ہوا مسئلہ حل

جو روزانہ 80 بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھنے کا معمول بنائے گا اس کے ہر جائز کام میں اللہ کی مدد اس کے ساتھ ہوگی۔ اس کا دنیا کا ہر اٹکا ہوا مسئلہ اللہ کے نام کی برکت سے حل ہوتا چلا جائے گا۔ مشکلات، مسائل میں الجھے اور دردر کی ٹھوکریں کھانے والوں کے لیے لاجواب عمل ہے

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org

# کاروبار میں برکت

جو شخص روزانہ اول و آخر 3 بار درود شریف اور "یَاوَلِیُّ" 1111 بار پڑھنے کا معمول بنا لے گا تو اللہ اس کے کاروبار میں فراخی پیدا کر دے گا اور اس کی نسلوں میں خوشیاں، رزق، برکت، صحت، عظمتیں سدا رہیں گی۔ ان شاء اللہ

# بدکلام بیوی کو راہ راست پر لانے کا عمل

اگر کسی شخص کی بیوی بہت زیادہ بدکلام ہو یا بدکار ہو تو اس شخص کو چاہیے کہ ہر نماز کے بعد اول وآخر تین مرتبہ درود پاک پھر 77 مرتبہ یَا حَسِیْبُ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام پڑھ کر بیوی کا تصور کرکے پھونک مارے انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے بیوی فرمانبردار ہو جائے گی۔

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

حضرت رسول خدا ﷺ نے فرمایا

# اپنے مومن رشتہ دار سے بغض نہ رکھنا

# کیونکہ یہ دین کو جلا کر خاکستر کر دیتا ہے۔

# آفات وبلیات سے چھٹکارا

جو شخص چاہتا ہے کہ وہ ہر قسم کے حادثات، آفات وبلیات سے محفوظ رہے، کسی بھی مصیبت میں مبتلا نہ ہو اور زندگی میں سکھ، چین، عافیت، برکت ہو وہ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ سورۃ فاتحہ کو پڑھنے کا معمول بنالے۔

اس عمل کی اجازت عام ہے

عبقری
www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

# انسان کی ناف پر 1400 جراثیم پائے جاتے ہیں!

امریکہ کی نارتھ کیرولینا اسٹیٹ یونیورسٹی کی ایک حالیہ تحقیق کے مطابق انسان کی ناف پر ایک وقت میں ایک ہزار چار سو کے قریب جراثیم موجود ہوتے ہیں۔ یونیورسٹی کی جانب سے 95 رضاکاروں کی مدد سے کیے گئے مطالعے میں سامنے آنے والے انکشافات کے مطابق نہ صرف انسانوں کی ناف پر موجود گاڑھ میں 1400 جراثیم نشوونما پارہے ہوتے ہیں بلکہ ان میں سے تقریباً 662 ایسے جراثیم ہیں جن کی شناخت پہلی بار منظرعام پر آئی ہے۔ نتیجہ: اسی لیے طب کی پرانی کتابوں اور پرانے لوگوں کے تجربات میں ناف میں تیل لگانا اور صحت پاتا ہے اور وہ لوگ سختی سے ناف میں تیل لگانے کی تلقین کرتے تھے۔

ماہنامہ عبقری میگزین جولائی 2012ء صفحہ 21

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org

# دوائی میں شفائی اثرات پیدا کرنے کیلئے

کسی بھی مرض سے نجات کے لیے دوائی کھانے سے پہلے اس پر سورہ فاتحہ گیارہ بار اور "یَا صَمَدُ" اکتالیس بار پڑھ کر دوائی پر دم کریں انشاءاللہ 100 فیصد رزلٹ پائیں گے۔

اگر آپ سے فیض پہنچا ہے تو شیئر کریں ثواب ہے

# آیۃ الکرسی اور جنات سے حفاظت

میرے گھر میں اکثر چیزیں چوری ہو جاتی تھیں گھر میں عطر چوری ہو گیا جو بھی عطر لاتا وہ چوری ہو جاتا جس چیز پر خوشبو لگی تو وہ بھی چوری ہو جاتی۔ پھر میں نے تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کیا تو عطر چوری نہ ہوا پھر اس دن کے بعد عطر جو بھی چیز رکھتا اس پر دم کرتا چوری نہ ہوتی۔ جو بھی چیز جنات چوری کر لیتے ہوں تو آپ اس پر تین مرتبہ آیۃ الکرسی کا دم کریں چوری نہ ہوگی بھی جنات تالے کے اندر پڑی چیز بھی اٹھا لیتے ہیں لیکن آیۃ الکرسی کا دم ہو تو پھر کسی کی چیز چوری نہ ہوگی۔

عبقری

# تجارت میں ترقی و برکت کیلئے

جو شخص تجارت کے مقام پر 313 مرتبہ اسم یَانَافِعُ کو بغیر ناغہ روزانہ پڑھتا رہے تو تجارت میں ترقی و برکت حاصل ہوگی۔

2013

# گاہک دکان کی طرف کیوں کھنچے چلے آتے ہیں، راز فاش!

السلام علیکم حضرت حکیم صاحب! لاہور میں ایک مشہور فالودے والی دکان ہے۔ ان کے پاس ہر وقت گاہکوں کی لائن لگی رہتی ہے ایک دن میں نے اس کے مالک سے پوچھا کہ آپ کی دکان پر گاہکوں کی اتنی ریل پیل ہے اس کا راز کیا ہے؟ تو اس نے بتایا کہ میں ہر روز دریائے راوی کے کنارے مچھلیوں اور کیڑے مکوڑوں کو خوراک ڈالتا ہوں بس یہی ایک عمل ہے اس نے کہا میں ان کو کھلاتا ہوں اللہ مجھے کھلاتا ہے۔ (ن،م)

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# کینسر کا مرض صرف 3 دن میں ختم، ڈاکٹر حیران!

## حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ

میری والدہ کو کینسر تھا میں نے عبقری سے پڑھ کر حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ اپنی والدہ کو پڑھنے کیلئے کہا، انہوں نے لاتعداد دفعہ پڑھنا شروع کر دیا، اس عمل کی برکت سے اللہ نے ایسا کرم کیا کہ صرف 3 دن میں ان کی رپورٹ نارمل ہوگئی۔ ڈاکٹر حیران رہ گئے۔ (ع،ج، حیدرآباد)

Follow Us facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org
عبقری

# چھوٹی سی دعا سے کینسر بالکل ختم



## رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

سارا دن لاتعداد پڑھیں، کینسر سے نجات کیلئے نہایت آزمودہ عمل ہے۔

Follow Us facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# بھینگے پن کا بہترین علاج

"یَابَدِیۡعَ الۡعَجَائِبِ بِالۡخَیۡرِ یَابَدِیۡعُ" ان کلمات کو ایک سو مرتبہ آہستہ آہستہ پڑھنا ہے۔ کوئی نیک آدمی بھینگے پن کے مرض میں مبتلا مریض کو سامنے بٹھائے اور اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے اور مریض کو بھی تاکید کریں کہ وہ علاج کرنے والے کی آنکھوں میں دیکھتا رہے پھر ان کلمات کو سو مرتبہ پڑھیں۔ ساٹھ دن تک یہ عمل رات سونے سے پہلے کریں' یہ عمل عورت عورت پر کرے اور مرد مرد پر کرے' آزمودہ اور نہایت مجرب ہے۔

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

# بُرے خیالات سے نجات اور جوانی کی حفاظت

## اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ

بُرے اور ناپاک خیالات سے نجات کیلئے اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ کا ورد سارا دن چلتے پھرتے، اٹھتے بیٹھتے کثرت سے کریں، ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے گناہوں سے بھی بچیں گے، جوانی کی حفاظت بھی ہوگی اور بُرے خیالات سے بھی نجات مل جائے گی۔

ماہنامہ عبقری ستمبر

Follow Us facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# زخموں کو جلد مندمل کرنے کیلئے

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org

# کاروبار میں برکت

جو شخص روزانہ اول و آخر 3 بار درود شریف اور "یَاوَلِیُّ" 1111 بار پڑھنے کا معمول بنالے گا تو اللہ اس کے کاروبار میں فراخی پیدا کردے گا اور اس کی نسلوں میں خوشیاں، رزق، برکت، صحت، عظمتیں سدا رہیں گی۔ انشاء اللہ

# کامیابی وحفاظت کا زبردست راز

اس عمل کی اجازت عام ہے

ہر نماز کے بعد صرف اتنی آیت

وَاللّٰهُ یَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ (مائدہ 67)

21 مرتبہ خلوص دل سے پڑھیں بہت پُرتاثیر عمل ہے، اس کی برکت سے اللہ ہر قدم پر کامیابیاں، عزت، شان وشوکت، وقار عطا فرمائے گا اور ہر شر سے حفاظت ہوگی، کسی بھی جائز مقصد کے لیے پڑھ سکتے ہیں۔


www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
عبقری

# مشکلات سے نجات اور پرسکون زندگی کے لیے لاجواب عمل

کوئی بھی مسئلہ، دکھ، بیماری جس نے آپ کی زندگی کا چمن لوٹ لیا ہو اور اس سے نجات کا کوئی راستہ نظر نہ آرہا ہو۔۔۔ ایسے میں یَالَطِیفُ کو 129 مرتبہ صبح و شام پڑھنے کا معمول بنا لیں اور آنکھوں سے رب کی مدد کو اترتا اور اپنے مسائل کو حل ہوتا دیکھیں۔ (انشاءاللہ)

اس عمل کی اجازت عام ہے

# چوری اور حادثاتی موت سے حفاظت

اس عمل کی اجازت عام ہے

جو شخص رات کو سوتے وقت 21 مرتبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھے گا تو انشاء اللہ مال و اسباب کی چوری

اور حادثاتی موت سے محفوظ رہے گا

عبقری
facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# ایک طاقتور روٹی انوکھے اور لاجواب فوائد

بے اولاد جوڑوں یعنی جن کی اولاد نہ ہوتی ہو جن کے جراثیم کمزور ہوں، حافظے کی کمزوری، نسیان یعنی بھول جانے کا مرض، ہر وقت جسم کا ٹوٹا رہنا، نظر کی کمزوری، وہ طالب علم جو مطالعہ کر کے بھول جاتے ہوں صبح کا پڑھا سبق شام تک یاد نہ رہتا ہو تو ان سب کے لیے یہ لاجواب نسخہ ہے۔

1 کلو جو، 1 کلو جوار، 1 کلو باجرہ، 1 کلو گندم، 1 کلو کالے چنے ان سب کو مکس کر کے پسوا لیں اور اس آٹے کو کھجور کے پانی میں گوندھ کر، روزانہ آدھی یا ایک روٹی کھایا کریں۔

کھجور کا پانی: پکی ہوئی نرم والی کھجوریں لے کر رات کو پانی میں بھگو دیں صبح ان کھجوروں کو اسی پانی میں اچھی طرح ہاتھوں سے مل لیں کہ کھجوروں کے ریشے اس پانی میں حل ہو جائیں بس کھجور کا پانی تیار ہے۔

نوٹ: کھجور کا پانی روزانہ تازہ بنا کر استعمال کریں کیونکہ 12 گھنٹوں کے بعد اس میں خمیر پیدا ہو جاتا ہے۔

چند دن، چند ہفتے، چند مہینے یہ نسخہ استعمال کریں۔

انوکھے روحانی و جسمانی ٹوٹکے دیئے گئے لنک میں سنیں

عبقری
facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

## مشکلات کے پہاڑ اور رزق کی فراوانی کیلئے آزمودہ عمل

ایک پاؤ شکر اور ایک پاؤ چاول لیں دونوں کو مکس کریں اور 40 دن تک صبح ناشتے کے بعد شکر اور چاول چونٹیوں اور کیڑے مکوڑوں کو ڈالیں۔ نوکری نہ ملتی ہو، فقر و فاقہ اور غربت نے ہر طرف سے گھیر رکھا ہو، چلتا کاروبار بند ہو گیا ہو، یا زندگی کی کوئی بھی الجھن، دکھ، بیماری یا تکلیف، ان سب کے لیے نہایت مجرب عمل ہے۔ اگر چاول اور شکر چالیس دن سے پہلے ختم ہو جائیں تو اور بھی ملا سکتے ہیں۔

عبقری

# رزق کے دروازے کھلوانے کا لاجواب عمل

جو شخص رزق کی کمی کا شکار ہو یا روزگار کے سلسلے میں پریشان ہو وہ شخص باوضو بعد نماز فجر اسم مبارک یَاوَہَّابُ کو تین سو مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل چالیس دن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس شخص پر رزق کے بند دروازے کھل جائیں گے اور وہ خوشحال ہو جائے گا۔

# خوش ذائقہ اور خوشبودار نبوی ٹانک

دل کے مریض، ٹینشن، ذہنی، دماغی امراض، معدہ، جگر، جسمانی کمزوری، پٹھے اعصاب کی کمزوری، عورتوں بچوں اور مردوں کے تمام امراض کیلئے علیمینہ جو سے تیار کردہ لاجواب انوکھا ٹانک ہے۔

جو کا آٹا دو بڑے چمچ بھرے ہوئے ایک کپ تازہ پانی میں گھولیں برتن میں دو کپ پانی تیز گرم کریں۔ اس گرم پانی میں جو کے آٹے کا گھولا ہوا کپ ڈال کر صرف پانچ منٹ ہلکی آنچ پر پکائیں اور ہلاتے رہیں پھر اتار کر اس کو ٹھنڈا کریں جب نیم گرم ہو تو اس میں شہد حسب ذائقہ مکس کریں اور پھر اسی میں دو کپ دودھ نیم گرم ملا کر خوب مکس کریں۔ علیمینہ تیار ہے۔ چمچ سے کھائیں یا گھونٹ گھونٹ پئیں روزانہ دن میں ایک بار استعمال کریں۔

انوکھے روحانی وجسمانی ٹوٹکے دیے گئے لنک میں ہیں

درس روحانیت و امن
facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org
عبقری

# لاعلاج بیماریوں اور جادو جنات کے ڈسے ہوؤں کے لیے لاجواب عمل

جب بھی بارش ہو اس میں ضرور نہائیں اور نہاتے ہوئے دعائیں مانگیں کیونکہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے بارش میں دعائیں قبول ہوتی ہیں۔ بارش میں نہاتے ہوئے رب سے باتیں کریں اللہ کو اپنے غم اور دکھوں کی داستانیں سنائیں۔ بارش بیماریوں کو دھوتی ہے، بارش مسائل کا حل، غموں کا علاج، بارش میں رب ملتا ہے، بارش میں اپنے اور اپنی نسلوں کے لیے رزق کے فیصلے کروائیں۔ بارش میں نہاتے ہوئے تصور کریں کہ بارش کا میرے جسم پر پڑنے والا ہر قطرہ میری بیماریوں دکھوں اور پریشانیوں کو دھو رہا ہے۔

## بارش کے پانی کا ایک خاص عمل

بارش کا پانی کسی برتن میں اکٹھا کریں اور اس پر

70 دفعہ درود ابراہیمی اول آخر — 70 بار سورہ فاتحہ

70 بار آیت الکرسی — 70 بار آیت الکریمہ

اور 70، 70 بار چاروں قل

یہ عمل اکیلے کر لیں یا چند افراد مل کر بھی کر سکتے ہیں یہ عمل بار بار بھی کر سکتے ہیں ورنہ ایک دفعہ بھی کافی ہے۔ کھانا پکاتے ہوئے اور پینے کے لیے یہ پانی استعمال کریں لاعلاج بیماریوں، گناہوں سے چھٹکارا چاہتے ہیں، نظر بد، جادو جنات کے ڈسے ہوؤں کے لیے، اندر کی غلاظتوں کو دور کرنے کے لیے لاجواب عمل ہے۔ چاہیں تو اس میں برکت کے لیے زم زم بھی ڈال سکتے ہیں۔ اس پانی کو بڑھاتے جائیں بارش کا پانی ملے تو ٹھیک ورنہ سادہ پانی بھی ڈال کر بڑھا سکتے ہیں۔

# بے زبانوں کی دعاؤں سے ناممکن کو ممکن بنائیں

جب بھی کسی پرندے یا بے زبان جانور کو دیکھیں تو اول و آخر ایک مرتبہ درود شریف اور درمیان میں تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر اس کی روح کو ہدیہ کر دیں اور کہیں کہ اے اللہ اس کو میرے لیے دعا میں لگا دے اور میرا فلاں مسئلہ، دکھ، بیماری، الجھن اس کی دعا کی برکت سے ختم کر دے۔

ان شاء اللہ یہ معصوم دعائیں آپ پر آنے والی ہر بلا کو ٹال دیں گی۔

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

# عقلِ انسانی میں نہ آنے والی بیماریوں کا آزمودہ علاج

جراثیم بنیادی طور پر جنات کی ایک قسم ہیں یہ بھی ایک اللہ کا نظام ہے جو شاید عام عقل انسانی کو سمجھ نہ آئے۔ ستر فیصد سے زیادہ بیماریاں بیت الخلاء سے لگتی ہیں۔ جلدی اور اچھوتی بیماریوں کی بنیاد بیت الخلاء ہے۔ خبیث جنیوں اور جنات بیت الخلاء میں ہوتے ہیں اور ہمیں دیکھتے بھی ہیں اور ہمارے جنسی اعضاء کے ساتھ کھیلتے بھی ہیں، بیت الخلاء سے ایسی ایسی خبیث چیزیں ساتھ لگ جاتی ہیں جو آپ کا مال، آپ کا بخت، آپ کا رزق کھا جاتی ہیں۔ گھروں کے جھگڑے، بیماریں، گناہوں کی طرف رغبت، دلوں کے روگ، ٹینشن اور ڈپریشن اور اگیزائٹی کا حل بیت الخلاء کی دعا ہے بیت الخلاء میں جانے سے پہلے اس کی مسنون دعا پڑھیں اور جب تک بیت الخلاء میں رہیں یہ دعا دل ہی دل میں پڑھتے رہیں (بیت الخلاء کے اندر زبان سے پڑھنا سختی سے منع ہے)۔ کچھ ہی عرصے میں اس کے رزلٹ اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔

مزید انوکھے روحانی و جسمانی نوٹکے دیئے گئے لنک میں سنیں

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# کولیسٹرول، ہائی بلڈ پریشر اور شوگر صرف دار چینی سے کنٹرول



دارچینی کو پیس کر رکھ لیں۔ روزانہ آدھا چمچ سے کم صبح شام کھانے کے ایک گھنٹے بعد نیم گرم پانی کے ساتھ پھانک لیا کریں۔ سات دن میں کولیسٹرول، ہائی بلڈ پریشر اور شوگر بالکل نارمل ہو جائے آپ بھی کہیں گے۔ راز اس نسخے کا یہ ہے کہ دارچینی شریانوں اور رگوں میں جمی ہوئی چکنائی کو صاف کر دیتی ہے جس سے کولیسٹرول نارمل ہو جاتا ہے۔ خون کی صفائی ہے اس لئے شوگر ٹھیک طرح سے ہضم ہوتی ہے اور اعصابی تناؤ کو دور کرنے میں بھی دارچینی کا جواب نہیں دنیا میں مشہور ہے تو بلڈ پریشر نارمل ہو جاتا ہے۔ اگر کسی کو بھی سمجھ نہ آئے تو ادارہ عبقری حاضر ہے۔

# پھوڑے پھنسیوں اور خارش کیلئے آزمودہ ٹوٹکہ

جسم پر پھوڑے پھنسیاں یا داغ دھبے ہوں تو سفیدے کے پتے پانی میں اُبالیں اور پانی چھان کر نہالیں' تقریباً آدھا کلو پتے ایک بالٹی میں اُبالیں۔ اگر جسم پر خارش ہو تو اس کیلئے بھی یہ ٹوٹکہ بہت مفید ہے۔ مرض کے خاتمہ تک اس عمل کو دُھراتے رہیں۔

ماہنامہ عبقری میگزین اگست 2013ء صفحہ 17

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org

# اب افسر بھی مہربان۔۔۔!!!!

# انٹرنیٹ کی خرافات سے حفاظت کا لاجواب عمل

جب بھی موبائل، کمپیوٹر پر نیٹ استعمال کرنے بیٹھیں تو 11 مرتبہ یَا حَفِیْظُ، یَا سَلَامُ پڑھ لیں اس کی برکت سے اللہ نیٹ پر غلط راہوں میں بھٹکنے سے بچائے گا۔ (ان شاء اللہ)

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# کھجور کا شربت گرمی کا توڑ

جگر، مثانے کی گرمی، دل، دماغ کی حدت، خواتین اور مردوں کی پوشیدہ بیماریوں،

ہاتھ پاؤں کی جلن معدے کی تیزابیت اور اعصابی طاقت کے لیے

یہ کھجور کا شربت حیرت انگیز چیز ہے۔

پکی ہوئی 3 نرم کھجوریں لے کر رات کو 1 گلاس پانی میں بھگو دیں صبح ان کھجوروں کو اسی پانی میں اچھی طرح ہاتھوں سے مَل لیں کہ کھجوروں کے ریشے پانی میں حل ہو جائیں گٹھلیاں نکال دیں۔ مشروب تیار ہے اس کو چسکی چسکی کر کے پی لیں صبح نہار منہ استعمال کریں چاہیں تو دن میں 2 بار صبح و شام بھی بنا کر پی سکتے ہیں۔

نوٹ: روزانہ تازہ بنا کر استعمال کریں کیونکہ 12 گھنٹوں کے بعد اس میں خمیر پیدا ہو جاتا ہے۔

مزید انوکھے روحانی و جسمانی ٹوٹکے دیئے گئے لنک میں سنیں

facebook.com/ubqan twitter.com/ubqan www.ubqan.org



# دمہ کیلئے خاص الخاص نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم! میرے پاس دمہ کیلئے خاص الخاص نسخہ ہے یہ مجھے کسی سے ملا تھا میں نے جس کو بھی استعمال کروایا کامیاب پایا۔ آپ اسے عبقری میگزین میں چھاپ کر مخلوق خدا کیلئے عام کردیں۔

نسخہ: ادرک ایک پاؤ، پانی ایک پاؤ، اجوائن ایک چٹکی، شہد اصلی آدھا کلو۔

سب سے پہلے ادرک چھیل کر باریک پیس لیں اور ایک پاؤ پانی میں پکانا شروع کردیں کچھ دیر بعد باقی اشیاء بھی ڈال دیں۔ جب معجون کی طرح گاڑھا ہوجائے تو اتار لیں۔ خوراک دو چمچے کے صبح اور دو رات کو۔ اس سے بلغم خارج ہوگا اور سینہ صاف ہوجائیگا۔ نوٹ: اس نسخے کو استعمال کرتے ہوئے کوئی دوسری دوا استعمال نہ کریں۔ (م، ا، روہڑی)

ماہنامہ عبقری میگزین مئی 2009ء صفحہ 13

facebook.com/ubqan
contact@ubqan.org
twitter.com/ubqan
www.ubqan.org

# گردے کے درد

# کا فوری علاج

اول و آخر 3 بار درود شریف اور درمیان میں سات مرتبہ سورۂ الم نشرح
پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں ان شاء اللہ تھوڑی
دیر میں درد ختم ہو جائے گا۔

ماہنامہ عبقری میگزین مئی 2013 صفحہ 37

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org

# اولاد کی نافرمانیوں سے تنگ والدین کے لیے لاجواب عمل

اول و آخر 3، 3 بار درود شریف اور درمیان میں سورۃ کوثر
500 بار روزانہ پڑھ کر چینی پر دم کرتے جائیں یہ عمل 11 دن
کریں 11 دن کے بعد یہ چینی شربت میں گھول کر یا کسی میٹھی چیز میں
ڈال کر بچوں کو کھلا دیں انشاءاللہ بچے فرمانبردار ہو جائیں گے۔

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# نسخہ، رسید اور وظیفہ جو عبقری سے ملا

[illegible]

[illegible]

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِينَ ظَلَمُوا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ

[illegible]

[illegible]

[illegible]

# شیطان کے شر سے حفاظت

هُوَ اللّٰهُ الرَّحِيْمُ جو شخص ہر نماز کے بعد سات بار پڑھ لیا کرے گا ان شاء اللہ عزوجل شیطان کے شر سے بچا رہے گا اور اس کا ایمان پر خاتمہ ہوگا۔

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# ہر قسم کے بندرات کھل جائیں

[illegible]

# کینسر کا مرض صرف 3 دن میں ختم، ڈاکٹر حیران!

حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ

میری والدہ کو کینسر تھا میں نے عبقری سے پڑھ کر حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ اپنی والدہ کو پڑھنے کیلئے کہا، انہوں نے لاتعداد کھلا پڑھنا شروع کر دیا، اس عمل کی برکت سے اللہ نے ایسا کرم کیا کہ صرف 3 دن میں ان کی رپورٹ نارمل ہوگئی۔ ڈاکٹر حیران رہ گئے۔ (ع ص، حیدرآباد)

Follow Us facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

عبقری

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org

# ہر قسم کے امتحان میں کامیابی کیلئے

اگر کوئی طالب علم امتحان میں کامیابی چاہتا ہے تو وہ ہر نماز کے بعد باوضو 16 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے اپنی کامیابی کی دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ امتحان میں ضرور کامیابی ہوگی۔ یہ عمل کسی نوکری یا باہر کے ملک جانے کیلئے، انٹرویو کیلئے بھی لاجواب ہے۔

عبقری

اس عمل کی اجازت عام ہے

# قرض واپس لینے کا عمل

اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ گیارہ دفعہ اول و آخر

تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں اور ہر نماز کے بعد بلاناغہ

قرض دینے والے کو ذہن میں خیال کر کے پھونک

ماریں۔

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# ڈپریشن سے نجات یوں ہی باتوں میں۔۔۔

گھر کا کوئی ایسا کمرہ جہاں سے آواز باہر نہ جائے۔ وہاں دو نفل توبہ کے پڑھیں اور پھر ہاتھ اٹھا کر اللہ سے اپنی زبان میں باتیں کریں، اپنے غم کی کہانیاں اللہ کو سنائیں، اپنی مشکلات اور مسائل اپنی زبان میں اللہ کو بتائیں۔ کچھ ہی دیر میں دل کو سکون ملنا شروع ہو جائے گا اور اندر سے آواز اٹھے گی کہ اللہ نے میری فریاد سن لی ہے۔

اس کی مزید تشریح اور انوکھے راز و رموز دیے گئے لنک میں سنیں


عبقری

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

روحانیت

عبقری

# وسعت غیب کیلئے

اس عمل کی اجازت عام ہے

وسعت غیب کیلئے سورۂ طلاق اکتالیس دن عشاء کے بعد ایک مرتبہ پڑھیں اور جب آیت نمبر تین پر پہنچیں تو اس آیت کو اکتالیس مرتبہ پڑھیں اور پھر باقی سورہ مکمل کرلیں۔ انشاء اللہ صرف گیارہویں روز ہی غیب سے روزی ملنا شروع ہوجائے گی۔

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# حفاظت کے لیے آزمودہ عمل

بچھو، سانپ، ڈینگی، چوہے اور زہریلے کیڑے مکوڑوں سے حفاظت کے لیے اس آیت کو سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ چھوٹے کاغذ پر لکھ کر گھر کے چاروں کونوں میں لگا دیں اور اگر سفر پر جارہے ہوں اور وہاں ایسی چیزیں ہونے کا اندیشہ ہو تو اس آیت کو 7 بار پڑھ لیں ان شاء اللہ یہ چیزیں آپ کے قریب بھی نہیں آئیں گی۔

# مغلیہ دور کے فٹنس اور جوانی کے 9 راز

## اور قارئین کی پسندیدگی اور اپنے مشاہدات کا اظہار

حیرت کی بات! لاکھوں سے بھی زیادہ لوگوں نے پسند کیا اور اپنے تجربات بطور صدقہ جاریہ بھیجے آپ بھی نیکی کے کام میں پیچھے نہ رہیں---

contact@ubqari.org

### 1 شرارتی بیٹا اور تھکی ہاری ماں:

میرا چھوٹا بیٹا بہت شرارتی ہے، ہر وقت گھر میں اودھم مچائے رکھتا ہے۔ پورا دن اس کو سنبھالتے سنبھالتے شام کو میرا جسم تھکن سے چور ہو جاتا تھا۔ "ماہنامہ عبقری" میں تلووں کی مالش کا ٹوٹکہ پڑھا تو روزانہ رات کو سونے سے پہلے اسے استعمال کرنا شروع کر دیا اس کی بدولت اب میں شام کو بھی فریش ہوتی ہوں اور کسی تھکن کا احساس نہیں ہوتا۔ (نور جہاں)

### 2 رات گئے دوستوں سے موبائل پر چیٹنگ:

میرے سارے گھر والے اس ٹوٹکے کو استعمال کر رہے ہیں اور رات کو اچھی نیند سوتے ہیں۔ مجھے بھی اس ٹوٹکے سے بہت فائدہ ہوا ہے اس سے مجھے بہت جلدی نیند آ جاتی ہے ورنہ پہلے میں بستر پر لیٹا رات گئے تک دوستوں سے موبائل پر چیٹنگ کرتا رہتا تھا۔ (ڈاکٹر فصیح احمد)

### 3 امی صحت یاب ہوگئی ہیں:

3 گرام پودینہ 3 گرام زیرہ 3 گرام سیاہ مرچ 3 گرام نمک ان سب کو باہم پیس کر گرم پانی میں ملا کر پئیں۔ ان شاءاللہ پیٹ درد سے آرام حاصل ہوگا۔

عبقری

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# گرمی کتنی ہی شدید ہو آلو بخارا ہے تو کوئی ڈر نہیں

آلو بخارا جسم کی گرمی اور خشکی دور کرتا ہے' پیاس کو بجھاتا ہے۔ موسم گرما میں قے اور متلی کا موثر علاج ہے۔ اس موسم میں خون میں جوش ہوتا ہے جس سے پھوڑے پھنسیاں اور خارش جیسے عوارض لاحق ہو جاتے ہیں یہ ان عوارض کا علاج ہے۔ بلڈ پریشر کے مریضوں کیلئے یہ بہت مفید ہے۔ گرمی کے سردرد میں آلو بخارے کے استعمال سے افاقہ ہوتا ہے۔ آلو بخارا معدہ کی تیزابیت اور جلن کیلئے فائدہ مند ہے۔ جو حضرات کمزور ہوں یا خون کی کمی کا شکار ہوں اور فولاد کا کوئی مرکب استعمال کرنے کے خواہش مند ہوں، وہ شربت فولاد یا کشتہ فولاد کی بجائے آلو بخارا کھائیں۔ نیند کی کمی کی مرض میں آلو بخارے کا استعمال بہترین ہوتا ہے۔ آلو بخارا کھانے سے قبض دور ہوتی ہے اور پاؤں کی جلن میں افاقہ ہوتا ہے۔

خون کے کینسر میں آلو بخارے کا استعمال بے حد مفید ہوتا ہے اور ابتدائی کینسر اس سے ٹھیک ہو جاتا ہے اس کے لئے ترش آلو بخارا استعمال کرنا چاہئے۔ اگر گردوں میں تکلیف ہو اور پیشاب رک رک کر آتا ہو تو آلو بخارے کا استعمال اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# صرف 30 روپے میں ایڈز کا علاج

ماہنامہ عبقری ستمبر 2012ء صفحہ 35

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! تین چار سال پہلے (ڈیرہ اسماعیل خان) کے ایک نوجوان کو ہر وقت بخار رہتا تھا اس نے ٹانک کے مشہور ہسپتال سے ٹیسٹ کروایا تو انہوں نے ایڈز کی تشخیص کی اس کو یقین نہ آیا تو ڈیرہ اسماعیل خان شہر کی ایک مشہور لیبارٹری سے ٹیسٹ کروایا یہاں پر بھی وہی موذی مرض بتایا گیا۔ اس نے مزید تسلی کیلئے اسلام آباد جا کر ٹیسٹ کرایا وہاں پر بھی رزلٹ وہی تھا۔ اب تو یہ نوجوان بہت پریشان ہوا اس بیماری کا نام سن کر ہی آدمی ادھ موا ہو جاتا ہے ادھر گھر والوں کا شادی پر اصرار، یہ بیچارا گھر والوں کو حقیقت بھی نہیں بتا سکتا تھا تنگ آ کر خودکشی کی نیت سے بھائی کی الماری سے پستول نکالنے لگا تو ایک کتاب پر نظر پڑی جس میں کلونجی کے خواص لکھے تھے۔ حدیث مبارک کا مفہوم تھا کہ "سوائے موت کے کلونجی ہر مرض کا علاج ہے۔ اس نے آپ ﷺ کے فرمان مبارک پر یقین کرتے ہوئے دس روپے کی کلونجی لی اور کھانا شروع کی۔ جب کلونجی ختم ہوئی تو دوبارہ مشن ہسپتال ٹانک ٹیسٹ کرائے تو برائے نام ایڈز کی علامات تھیں۔ عیسائی ہسپتال والے حیران ہو گئے کہ آپ نے یہ کون سا علاج کرایا جس سے حیران کن حد تک مرض میں افاقہ ہوا۔ اس نوجوان نے ان کو بتایا جب تک میں دوسری دفعہ چیک اپ نہ کروا لوں آپ کو علاج کے بارے میں نہیں بتا سکتا۔ حسب سابق اس نے ڈیرہ اسماعیل خان اور اسلام آباد کی لیبارٹریوں سے چیک کرایا تو رزلٹ پہلے سے بہت بہتر تھا۔ مریض نے 20 روپے کی مزید کلونجی لی اور اس کلونجی کو کھانے کے بعد دوبارہ تینوں لیبارٹریوں سے ٹیسٹ کروائے تو ایڈز کا مکمل خاتمہ ہو چکا تھا۔ مشن ہسپتال والوں کے بیحد اصرار پر ان کو بتایا کہ ہمارے پیارے نبی ﷺ نے کلونجی کے فوائد بیان فرمائے ہیں جس پر میں نے عمل کیا۔ آپ ﷺ کا فرمان سچ ثابت ہوا اور ثبوت آپ کے سامنے ہے۔ الحمدللہ اس نوجوان نے والدین کے کہنے پر شادی بھی کی اور اب دو بچوں کا باپ ہے۔ (س، ا ٹانک ڈیرہ اسماعیل خان)

عبقری
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari www.ubqari.org contact@ubqari.org

# ایک ماہ میں تین کلو وزن گارنٹی سے کم

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! میں نے عبقری میں ایک ٹوٹکہ پڑھا' جب آزمایا تو لاجواب پایا۔ ٹوٹکہ: کلونجی پچاس گرام' چھلکا اسپغول پچاس گرام اور شہد سو گرام سب کو مکس کرلیں۔ ہر کھانے کے ایک گھنٹے بعد ایک چائے کا چمچ استعمال کرنا شروع کیا تو میرا وزن ایک ماہ میں تقریباً تین کلو تک کم ہوگیا ہے اور مزید کمی آرہی ہے۔ (مسز ی'ا)

youtube.com/UbqariTasbeehKhana
facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# خارش کا سستا اور کھٹا میٹھا علاج

1 تولہ املی اور ایک چمچ گلقند رات کو ایک گلاس پانی میں ڈال کر رکھ دیں صبح اس کو اس پانی میں حل کر چھان لیں پھر نہار منہ پی لیں۔ انشاء اللہ خارش ختم ہو جائیگی۔ یہ بہت مجرب اور تیر بہدف نسخہ ہے۔ (ڈاکٹر ہم ج س سکھر)

عبقری میگزین نومبر 2010 صفحہ 11

contact@ubqari.org
www.ubqari.org
twitter.com/ubqari
facebook.com/ubqari
youtube.com/UbqariTasbeehKhana

# شوگر کی کمزوری دور اور حافظہ بھی بھرپور!

ایک پاؤ دیسی مغز بادام، ایک پاؤ چنے بغیر چھلکے اور 125 گرام گری (خشک ناریل، کھوپرا)۔
تینوں چیزوں کو پیس کر کسی ڈبی میں محفوظ کر لیں، روزانہ ایک چمچ رات کو دودھ کے ساتھ لیں۔
شوگر کی وجہ سے ہونے والی کمزوری کیلئے لاجواب ہے اس کے علاوہ
اعصابی کمزوری اور حافظے کے لیے بہترین نسخہ ہے۔

ماہنامہ عبقری 2009 صفحہ 25

contact@ubqari.org
facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# ہر موذی مرض سے بچنے کا آسان ٹوٹکہ

ماہنامہ عبقری نومبر 2008ء ص 34

اگر کھانا پکاتے وقت اس میں تھوڑی سی کلونجی
ڈال دی جائے تو گھر کا کوئی بھی شخص
موذی مرض کا شکار نہیں ہوگا۔ ان شاءاللہ

contact@ubqari.org

Follow Us facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

عبقری

# بچہ فیڈر نہ چھوڑتا ہو تو۔۔

اگر بچہ فیڈر نہ چھوڑتا ہو تو نیم کے پتے پیس کر فیڈر کے نپل پر لگا دیں انشاء اللہ فیڈر چھوڑ کر کپ میں دودھ پینا شروع کر دے گا۔ (خ، ع، گوجرانوالہ)

[illegible] 2015 [illegible] 45

مصبر ایک دوائی ہے جو پنساری کی دکان سے مل جاتی ہے اسے فیڈر کے نپل پر لگا دیں، بچہ پھر کبھی فیڈر میں دودھ نہیں پیئے گا اگر بچہ ماں کا دودھ نہ چھوڑتا ہو تو اس کیلئے بھی یہی ٹوٹکا استعمال کریں۔ نہایت آزمودہ ہے۔ (ح، ا، گوجرانوالہ)


contact@ubqan.org

facebook.com/ubqan

twitter.com/ubqan

www.ubqan.org



# موتیا کا علاج جامن سے!

1) اگر آنکھوں سے پانی آرہا ہو یا موتیا اتر رہا ہو تو تین سے چار جامن کی گٹھلیاں خشک کرکے پیس لیں اور اس کا سفوف صبح و شام تقریباً چوتھائی گلاس پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

2) جامن کی گٹھلی ہم وزن شہد میں ملا کر پیسٹ بنالیں پھر سلائی کی مدد سے صبح شام آنکھوں میں لگائیں۔ ان شاء اللہ اس سے موتیا ٹھیک ہوجائے گا۔

عبقری میگزین جولائی 2016ء صفحہ 26

facebook.com/ubqan twitter.com/ubqan www.ubqan.org

# پیٹ درد، کھچاؤ، مروڑ، گرمی اور سینے کی جلن کیلئے آسان نسخہ



محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! قارئین کیلئے ایک نسخہ پیش خدمت ہے، لوگوں کو ضرور بتائیں تاکہ میرے لیے صدقہ جاریہ بن سکے۔

سونف، دھنیا خشک 100 گرام، سفید زیرہ 100 گرام ان دونوں کو باریک پیس کر 20 گرام نمک اور 200 گرام مصری ملا لیں۔ ایک بڑا کھانے والا چمچ یہ چکی پانی سے لیں۔ پھر دس منٹ کے وقفے سے آدھا آدھا چمچ دو دفعہ لیں۔ آدھے گھنٹے میں ہی آرام آجائیگا۔ یہ نسخہ ہمارے خاندان کا آزمودہ ہے۔ آج تک ایسا نہیں ہوا کہ ہم نے کسی کو یہ دوائی دی ہو اور اس کو آرام نہ آیا ہو۔

# منٹوں میں ٹینشن دور کرنے کا طریقہ!

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

ٹینشن اور ڈپریشن کم کرنے کیلئے عمل تنفس یعنی سانس کی ورزش مفید ہے۔ اس کیلئے فجر کا وقت بہتر ہوتا ہے کہ اس وقت عموماً دھواں اور شور وغل نہیں ہوتا۔ یہ عمل کرنے کیلئے چھت پر یا کسی ہوادار کمرے میں جائیے۔ پہلے اپنی انگلی ناک کے الٹے نتھنے پر رکھ کر معمولی سا دبائیں اور ناک کی سیدھی جانب سے سانس لیں اب سیدھی طرف دبائیں اور الٹی جانب سے سانس نکال دیں اس طرح کم از کم 30 بار یہ عمل دہرائیں۔ اگر اس سے زائد بھی کرلیں تو کوئی حرج نہیں اس سے ان شاء اللہ آپ ٹینشن میں کمی اور کافی فرحت محسوس کریں گے۔ (ق،ن)

# خشک کھانسی جو رات کو سونے نہ دے!

خشک کھانسی کیلئے صبح و شام ایک چمچ شہد میں چھ سات دانے کالی مرچ پیس کر ملا کر کھائیں، ان شاء اللہ کھانسی میں سکون ملے گا اور چند دنوں کے استعمال سے کھانسی ختم ہو جائے گی۔

facebook.com/ubqan
twitter.com/ubqan www.ubqan.org

# انسانی جسم کا عجیب و غریب کارخانہ

- انسانی جسم میں خون کی رگوں اور نالیوں کی کل لمبائی تقریباً 45 میل ہوتی ہے۔
- انسانی جسم کی سب سے لمبی ہڈی ران میں ہوتی ہے جس کی لمبائی 48 سینٹی میٹر ہوتی ہے۔
- مرنے کے بعد ایک یا آدھے دن تک انسان کے دماغ میں برقی سرگرمیاں جاری رہتی ہیں۔
- انسانی آنکھ کے قرنیے میں خون کی نالیاں نہیں ہوتیں بلکہ یہ براہ راست ہوا سے آکسیجن لیتا ہے۔
- انسانی چھینک کے نتیجے میں ناک سے نکلنے والی ہوا کی رفتار 100 میل فی گھنٹہ تک ہو سکتی ہے۔
- بالغوں کے جسم میں 206 ہڈیاں اور ننھے بچوں میں 300 ہڈیاں ہوتی ہیں۔ پھر عمر کے ساتھ ساتھ ہڈیاں جڑ کر ان کی تعداد کم ہو جاتی ہے۔
- انسانی دماغ کے اعصابی خلیات صرف ایک دن میں دنیا بھر کی ٹیلی فون کالز سے زیادہ بجلی کے جھٹکے پیدا کرتے ہیں۔
- انسانی زبان پر ذائقے کے غدود کی عمر 7 سے 10 دن ہوتی ہے پھر اس کی جگہ نئے غدود پیدا ہو جاتے ہیں۔
- انسانی آنکھ میں روشنی سے حساس خلیات کی تعداد 13 کروڑ 70 لاکھ سے زیادہ ہوتی ہے۔ دیکھنے کے عمل میں انسانی آنکھ کا پردہ کمپیوٹر کی طرح 10 ارب آپریشن فی سیکنڈ انجام دیتا ہے۔ (ن۔ب، آرادشیر)


ماہنامہ عبقری فروری 2010ء صفحہ 42
مکمل آرٹیکل ویب سائٹ میں پڑھیں



facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org

# رُکیے! گنے کا رس پیتے جائیں

## گنے کا رس

- یرقان کے مریضوں کیلئے نہایت مفید ہے۔
- دل، دماغ، آنکھوں، گردوں، معدے اور جنسی اعضاء کو تقویت دیتا ہے۔
- پیشاب کی بیماریوں اور قلت پیشاب میں گنے کا رس پینا نہایت مفید ہے۔
- پیٹ میں اپھارہ، قبض، گیس یہاں تک کہ السر کے مرض میں بھی گنے کا رس بہت مفید ہے۔
- محنت طلب کام کرنے کے بعد ایک گلاس گنے کا رس پینے سے ساری جسمانی تھکن دور ہو جاتی ہے۔
- جسم میں ٹھنڈک کا احساس پیدا کرتا ہے، پیاس کی شدت کو کم کرتا ہے اور دل و دماغ کو فرحت بخشتا ہے۔
- دبلے پتلے حضرات کیلئے گنے کا رس بہت مفید ہے اس کے باقاعدہ استعمال سے کمزوری دور ہو جاتی ہے اور جسم فربہ اور صحت مند ہو جاتا ہے۔

ماہنامہ عبقری ستمبر 2009، صفحہ 11
ماہنامہ عبقری دسمبر 2016، صفحہ 12

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org

# کینسر کیلئے نسخہ، جس نے آزمایا شفاء پائی!

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! ایک آزمودہ نسخہ حاضر خدمت ہے۔ کینسر خواہ کسی بھی قسم کا ہو۔ ایک کلو زیتون کے تیل میں 100 گرام ہلدی پکا کے جلا کے چھان کر یہ تیل محفوظ رکھ لیں۔ ہر غذا کے بعد اس زیتون کے تیل کے بیس بیس قطرے پی کر نیم گرم پانی پیا کریں۔ ان شاء اللہ مرض ختم ہو جائے گا۔ یہ میرا 22 سالہ پرانا سینے کا راز تھا جو امت محمدیہ ﷺ کی خاطر فاش کر رہا ہوں۔ یہ نسخہ میں نے آج تک جس کسی کو بھی دیا ہے اور اس نے یقین کے ساتھ استعمال کیا تو اللہ نے اس کو شفاء ضرور دی۔ (ڈاکٹر ح، م، ا)

# بڑھی ہوئی تلی، مولی کا رس اور شفاء

مولی کے رس میں نمک ملا کر اس کی دو چھٹانک مقدار روزانہ مریض کو پلائیں ان شاء اللہ واضح افاقہ ہوگا۔ عبقری میگزین ستمبر 2009 صفحہ 23

www.ubqari.org
twitter.com/ubqari facebook.com/ubqari
youtube.com/UbqariTasbeehKhana

# کالے لمبے اور سلکی بال کون نہیں چاہتا؟

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم! السلام علیکم! میرے پاس ایک ٹوٹکہ ہے جو میں عبقری قارئین کیلئے لائی ہوں۔ یہ ٹوٹکہ میرا آزمودہ ہے۔ ھو الشافی: آملہ کے مربہ کو دھو کر صبح کے وقت کھائیں اور رات کو سوتے وقت دودھ کے ساتھ استعمال کریں بال کالے اور خوبصورت ہو جائیں گے اس کے علاوہ چہرہ بھی روشن ہو جائے گا۔ (ع،ل)



facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# کھیر بنا رہے ہیں تو

# ذرا ٹھہریئے!

کھیر بناتے وقت دودھ بہت جلد نیچے لگتا ہے اس لگے دودھ سے کھیر کا ذائقہ خراب ہوجاتا ہے۔ جب بھی کھیر پکائیں پہلے برتن میں تھوڑا پانی ڈال کر ابالیں اور پھر پانی پھینک دیں، پھر اس برتن میں کھیر پکائیں تو دودھ نیچے نہیں لگے گا اور کھیر بھی نہایت لذیز پکے گی۔

ماہنامہ عبقری ستمبر 2012 صفحہ 41

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org


ٹوٹی ہوئی ہڈی کا میٹھا علاج
12 گرام گیہوں کی راکھ اتنے ہی شہد میں
ملا کر چاٹنے سے ٹوٹی ہوئی ہڈی بہت
مضبوطی سے جڑ جاتی ہے۔
عبقری
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org

بدہضمی کی شکایت ہو تو ان دو آیات کو پڑھ کر پیٹ پر ہاتھ پھیرنے سے یا کھانے پر دم کر کے کھانے سے وہ شکایت دور ہو جاتی ہے۔ ان شاء اللہ (س، ن، سکھر)

عبقری میگزین جنوری 2014ء صفحہ 31

كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿[illegible]﴾

اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿[illegible]﴾ (المرسلٰت)

عبقری

# ایک ٹانگ تین علاج

عبقری کے قارئین کے لئے اپنا آزمودہ نسخہ بھیج رہا ہوں۔ ان شاءاللہ قارئین اس سے فائدہ حاصل کریں گے۔ ھوالشافی: سونٹھ 50 گرام، کالی مرچ 50 گرام، میٹھا سوڈا 20 گرام تینوں چیزیں لے کر کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ کھانا کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد آدھا چمچ لے لیں، ان شاءاللہ جوڑوں کا درد دور ہوجائے گا۔ جوڑوں کے درد کے ساتھ ساتھ اعصابی کمزوری اور معدہ کے جملہ امراض میں بھی بہت مفید ہے (ح۔ن)

Follow Us facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

## کیا بلڈ پریشر سے نجات پانا چاہتے ؟

## تو دیر کیسی ابھی پڑھیں۔۔!!!

ترپھلہ چورن 2 چمچ مصری آدھا چمچ نمک لے کر مٹی کے برتن میں رات کو بھگو دیں۔ صبح چھان کر پینے سے ہائی بلڈ پریشر کو فائدہ ہوتا ہے۔

عبقری

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# مسوڑھوں سے خون نکلنے کا گھریلو ٹوٹکہ

اگر کسی کے مسوڑھوں سے خون نکلتا ہو تو وہ امرود کے چند پتے ایک گلاس پانی میں پکا کر غرارے کرے انشاء اللہ چند دنوں میں افاقہ ہوجائے گا۔ (س،ب)

ماہنامہ عبقری جون 2012 صفحہ 27

www.ubqari.org
twitter.com/ubqari facebook.com/ubqari
youtube.com/UbqariTasbeehKhana

contact@ubqari.org

عبقری

# گرتے بالوں کیلئے نایاب ترین ٹوٹکہ

www.ubqan.org
facebook.com/ubqan
twitter.com/ubqan

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! گرتے بالوں کیلئے یہ ٹوٹکہ بہت اکسیر ہے۔ گری خشک (کھوپرا) آدھ پاؤ کوٹ کر باریک کرکے تین کلو پانی میں ابالیں۔ جب پانی ڈیڑھ کلو رہ جائے تو اتار کر چھان لیں اور ٹھنڈا کرلیں۔ نہانے کے بعد اس پانی سے بالوں کو دھولیں اس کے بعد پھر سادے پانی سے بال نہیں دھونے' گرتے بال ختم ہوجائیں گے۔ بخار یا کمزوری کی وجہ سے جو بال گرتے ہیں بحال ہوجائیں گے' بال ملائم و چمکدار ہوجائیں گے۔ میں نے اپنی بھابی کو امریکہ میں یہ ٹوٹکہ استعمال کروایا۔ وہ کہتی ہیں کہ ایسی لاجواب چیز ہے کہ اس کو بوتلوں میں بھر کر سٹور میں رکھنا چاہیے۔ (ابولبیب)

contact@ubqan.org

2016ء

# اندرونی چوٹ کا آسان علاج!

کھیلتے ہوئے یا کسی اور وجہ سے اندرونی چوٹ لگ جائے تو انڈے کی سفیدی میں تھوڑا سا نمک ڈال کر متاثرہ جگہ پر لیپ کرلیں۔ ایک یا دوبار استعمال کرنے سے ہی مکمل آرام آجاتا ہے۔ یہ ٹوٹکہ پرانی اور اندرونی چوٹ کیلئے بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ استعمال کریں اور اس ٹوٹکہ کو دوسروں کو بھی بتائیں (م ش)

# بھوک کی کمی کا علاج کا آزمودہ نسخہ



ایک گلاس سیاہ چنے تین گلاس پانی میں ابالیں اور پھر چھان کر اس پانی کو ٹھنڈا کرکے تھوڑا تھوڑا پئیں۔ اس سے آپ کو خوب اچھی بھوک لگے گی۔

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org



# شوگر اور ہائی بلڈ پریشر رہے ہر دم کنٹرول!

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں۔ اس میں موجود طبی وروحانی ٹوٹکے بہت کمال کے ہوتے ہیں۔ میرے پاس بھی طبی ٹوٹکہ ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کررہی ہوں۔

ھوالشافی: شوگر، ہائی بلڈ پریشر کا آسان علاج' صبح نہار منہ ایک گلاس پانی میں ایک ٹیبل اسپون خالص اصلی عرق گلاب ملا کر پی لیں۔ کچھ ہفتوں کے استعمال سے شوگر، ہائی بلڈ پریشر ان شاء اللہ بالکل نارمل ہوجائے گا۔ (ع،ا)

ماہنامہ عبقری میگزین
2018

عبقری
Follow Us facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

2 جون 2013ء، صفحہ 4

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

# تھوڑا سا گڑ آپ کو دمہ سے بچا سکتا ہے!

گرد وغبار میں کام کرنے کے بعد یا موٹر سائیکل وغیرہ چلانے کے بعد تھوڑا سا گڑ کھا لینا چاہیے اس سے دمہ کا خطرہ ٹل جاتا ہے۔

عبقری®

# میٹھے انار کے میٹھے میٹھے فوائد

میٹھا انار جگر کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ جسم میں عمدہ خون پیدا کرتا ہے۔ پیاس بجھاتا ہے اور تپش کو کم کرتا ہے' بخار' دست' پیچش کی صورت میں مفید غذا ہے' پیشاب کی جلن اور تیزابی مادہ زیادہ ہونے کی صورت میں فائدہ مند ہے' یرقان' استسقاء' خفقان اور دستوں میں موثر ہے۔ انار (ترش یا شیریں) کے دانے نکال لیجئے' پھر ان پر نمک اور کالی مرچ چھڑک کر تقریباً سوگرام کھائیے۔ انشاء اللہ ہر قسم کا پیٹ درد ٹھیک ہو جائے گا۔ میٹھے انار کا رس نکال کر سبز رنگ کی بوتل میں ڈال کر دھوپ میں لٹکا دیں' چالیس یوم کے بعد اس پانی کو ذرا پر میں ڈال کر آنکھوں میں ڈالیں' امراض چشم کیلئے لاجواب ہے' جتنا پانی پرانا ہوتا جائے گا اتنا ہی اس کے فوائد میں اضافہ ہوتا جائے گا۔ آنکھوں کی خارش' سرخی' رات کو نظر نہ آنا' کمزوری' ضعف بصارت وغیرہ کیلئے از حد مفید آزمودہ ہے۔

عبقری میگزین جنوری
11 صفحہ، 2013

# ارے! انار کا چھلکا مت پھینکنا یہ کھانسی و نزلہ کیلئے لاجواب ہے

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! میں ایک گاؤں میں گئی۔ میزبان بہن کسی کام سے چھت پر گئیں تو مجھے بھی ساتھ لے گئیں میری چھت کے کونے پر نگاہ گئی تو چارپائی پر ڈھیروں انار کے چھلکے سوکھ رہے تھے۔ بے اختیار میزبان سے سوال کیا یہ انار کے چھلکے کس مقصد سے سکھا رکھے ہیں۔ میزبان بہن نے بتایا ہمارے گاؤں کے لوگ نزلے کھانسی کیلئے دوا بھی نہیں لیتے جس فرد کو بھی کھانسی نزلہ ہو، ہم ایک انار کا چھلکا لیتے ہیں اور اسے پانی میں بھگو دیتے ہیں۔ شام کو وہ پانی اور چھلکا چولہے پر دھیمی آنچ میں چھلکے میں خوب پکاتے ہیں۔ چھلکا نکال کر پھینک دیتے ہیں۔ وہ انار کا قہوہ بن جاتا ہے اسے چینی اور نمک یا صرف نمک ڈال کر پی لیتے ہیں۔ یہ عمل تین دن کرتے ہیں۔ سات دن بھی کیا جا سکتا ہے۔ (ز،ا، بہاولنگر)

عبقری

# ابھی پڑھیں ابھی کریں جگر کا مفت علاج !!!

لیموں کے چار حصے کرلیں مگر ٹکڑے الگ نہ کریں۔ ایک ٹکڑے میں ہلکا سا نمک
ایک میں ہلکی سیاہ مرچ پسی ہوئی، ایک میں سونٹھ اور چوتھے ٹکڑے میں مصری یا چینی
لگائیں۔ رات کو پلیٹ میں رکھ کر ڈھانپ دیں۔ صبح توے پر گرم کرکے چوسنے سے
جگر درست ہو جائے گا۔ ایسے مریض کے لئے یہ دوا اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# گرمی دانوں کو صابن سے دھو ڈالیں!

اپنا ایک نہایت آزمودہ ٹوٹکہ عبقری قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں، اسے ضرور آزمائیں! گرمی دانے (پت) اور شدید خارش ہو تو کپڑے دھونے کے عام صابن سے نہانے سے دور ہو جاتی ہے۔ (م، ا)

ماہنامہ عبقری جون 2013 صفحہ 18

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org
contact@ubqari.org



# خطرناک حد تک آؤٹ آف کنٹرول شوگر کیلئے نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! میری والدہ آبائی گاؤں منکوڈ شریف گئی ہوئی تھیں، ہمشیرہ کا فون آیا کہ والدہ بیمار ہیں انہیں لینے گاؤں گیا تو ان کو بحد رقت شوگر بڑھی ہوئی تھی اور وہ نیم بے ہوشی میں تھیں ان کو کشتی میں چارپائی پر رکھ کر کالاباغ لائے وہاں بڑی مشکل سے کار پر سوار کرایا گھر تک انہیں کوئی ہوش نہیں تھا میں نے درج ذیل نسخہ استعمال کرایا، بالکل نارمل ہوگئیں۔ کافی عرصہ بعد والدہ کو پتہ کس کا آپریشن کرانا تھا بھائیوں نے کہا والدہ کو شوگر ہے آپریشن کیسے ہوگا چیک کرایا تو شوگر نارمل تھی۔

نسخہ: کلونجی، گوند کیکر، تخم سرس اندرونی ہم وزن پیس کر فل سائز کیپسول بھر لیں۔

طریقہ استعمال: ایک کیپسول دن میں تین بار۔ اس کے علاوہ اور کئی مریضوں کو استعمال کروایا نہایت مجرب ہے۔

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ contact@ubqari.org

www.ubqari.org facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari youtube.com/UbqariTasbeehKhana

# رسیلے آم کے میٹھے فوائد

## ابھی لائیں ابھی کھائیں!

جسم کی خشکی، بے رونقی، زردی اور کمزوری کو دور کرنے کیلئے روزانہ ایک آم کھانا اور بعدازاں ایک گلاس کچی لسی استعمال کرنا بے حد مفید ہے۔ یہ اپنی مصفی خون تاثیر کے سبب چہرے کی رنگت کو نکھارتا ہے۔ اس کے استعمال سے بھوک لگتی ہے اور صفرا کم ہوتا ہے۔ موسمی تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے لو کے اثرات سے بچاتا ہے۔ یہ خوش ذائقہ پھل نہ صرف خون پیدا کرنے والا قدرتی ٹانک ہے بلکہ گوشت بھی بناتا ہے۔ بے خوابی کی شکایت دور کرنے کیلئے ایک آم کا کھانا اور بعدازاں ٹھنڈا دودھ پینا بے حد مفید ہوتا ہے۔ بینائی کو قوت دیتا ہے بشرطیکہ آم کھانے کے بعد کچی لسی پی جائے۔

2010 2011 2012

facebook.com/ubqari

twitter.com/ubqari

www.ubqari.org

# کیا آپ خارش سے نجات پانا چاہتے ہیں۔؟؟

## ابھی پڑھیں ابھی کریں!

200 گرام سرسوں کے تیل میں 50 گرام لہسن کو جلا کر مالش کرنے سے خارش رفع ہوتی ہے اور یہ خون کو بھی صاف کرنے کے لئے بہترین ہے۔

# کھیرا کھائیں وزن گھٹائیں!

دوپہر کو کھیرے کی قاشوں پر ہلکا سا نمک بمع سیاہ مرچ پسی ہوئی چھڑک کر پیٹ بھر کر کھائیں اور اگر بھوک باقی ہو تو تھوڑی سی روٹی کھالیں، اس سے آہستہ آہستہ وزن کم ہوجاتا ہے۔ شرط یہ ہے کہ یہ عمل چند ماہ مسلسل کریں۔

# جوڑوں کی سوجن کیلئے آسان ٹوٹکہ

جوڑوں کی سوجن میں پیاز بے حد مفید ہے۔ پیاز کا رس اور سرسوں کا تیل ہم وزن ملا کر درد والی جگہ پر مالش کرنے سے فائدہ ہوتا ہے۔

عبقری®

# ہاضمہ خراب ہے؟ یہ ٹوٹکہ آزمائیں!

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! میں نے عبقری میگزین میں سے پڑھ کر ایک ٹوٹکہ ہاضمہ کیلئے بنایا۔ مجھے اس سے اتنا فائدہ ہوا کہ میں بتا نہیں سکتا۔ میرا اسالہا سال سے ہاضمہ کا مسئلہ تھا جو اس ٹوٹکہ سے بالکل ٹھیک ہو گیا۔ سونف اور چینی ہموزن لے کر سفوف بنالیں اور کھانے کے بعد آدھا چمچ چائے والا استعمال کریں۔ اس کے علاوہ جس کسی کو لیموں راس نہ آئے تو وہ لیموں کھا کر تھوڑا سا لہسن کھالے لیموں نقصان نہ دے گا۔ (ن، ج)

# گرمی کا بخار اور خون کا جوش

اسپغول گرمی کے بخار اور خون کے جوش کو تسکین دے کر طبیعت کو بہتر کرتا ہے۔ ٹھنڈے دودھ میں ایک چمچ اسپغول ڈال کر استعمال کریں۔

ماہنامہ عبقری میگزین اگست 2013ء صفحہ 19

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org

# ایک کپ قہوے میں موجود کیلشیم کا خزانہ

خشک پودینہ آدھا چمچ، دو کپ پانی میں ڈال
کر قہوہ بنالیں جب ایک کپ پانی رہ جائے تو
اس میں حسب ذائقہ میٹھا ملا کر پی لیں،
کیلشیم کی کمی دور کرنے کیلئے لاجواب ہے۔


facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# ہیضہ کیلئے مفت ٹوٹکہ

میرے پاس ہیضہ کیلئے بارہا کا آزمودہ ٹوٹکہ ہے جو میں عبقری قارئین کی خدمت میں پیش کررہا ہوں۔

ایک مرتبہ میں ایک دوست کے گاؤں گیا، دوست کے کزن کو رات 12 بجے ہیضہ ہوگیا' نزدیک کوئی ہسپتال یا کلینک نہ تھا' میں ایک حکیم ہوں اس لیے مجھے مریض دکھانے لے گئے' میں نے فوراً کہا اللہ پاک بہتر کرے گا اور یہ نسخہ دیا۔

**ھوالشافی:** پیاز کا پانی تقریباً 5 تا 10 چمچ' کالی مرچ 10 عدد کے ہمراہ گھوٹ کر ایک ایک چمچ وقفے وقفے سے پلانے سے مریض ٹھیک ہوگیا اور سب خوش ہوگئے اسی طرح ایک مرتبہ ایک مریض کے ورثاء آئے کہنے لگے میرے بیٹے کو ہیضہ ہوگیا ہے اور انگریزی دوائیں بھی استعمال کروائی ہیں لیکن کوئی فرق نہیں ہے اس کو بھی یہی ٹوٹکہ بتایا تو فوراً رزلٹ ملا۔ (م، س، د)



www.ubqari.org

# روٹی کھائیں، مرض بھگائیں!

قبض کے مریض بغیر چھنے آٹے کی روٹی استعمال کریں، قبض ختم ہو جائے گی۔ یہ قبض کا نہایت آسان اور سستا علاج ہے۔

# دستوں کا فوری علاج

اگر کسی شخص کو دست کا عارضہ لاحق ہو تو وہ ایک پیالہ دودھ لے کر منہ سے لگائے جبکہ دوسرا شخص ایک لیموں لے کر اس کا رس دودھ میں ٹپکاتا رہے۔ اس دوران متاثرہ شخص دودھ برابر پیتا رہے دست روکنے کا تیر بہدف نسخہ ہے۔ (س، ط، شرقپور شریف) (عبقری میگزین مارچ 2011ء صفحہ 9)

contact@ubqari.org
www.ubqari.org
twitter.com/ubqari facebook.com/ubqari
youtube.com/UbqariTasbeehKhana

# جو درد کسی دوائی سے نہ جاتا تھا وہ اس نسخے سے چلا گیا!

محترم حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! آپ کے رسالہ میں شوگر سے ہونے والی کمزوری کیلئے ایک دوائی چھپی تھی وہ ابو جی کیلئے بنائی تو اس سے ایک اور تجربہ ہوا کہ ابو جی کے کندھے میں ہر وقت شدید درد ہوتا تھا جو اس دوائی کے استعمال سے ٹھیک ہو گیا۔ وہ نسخہ یہ ہے:۔ ھوالشافی: دس عدد سفید مرچ‘ دس عدد الائچی‘ پانچ عدد بادام‘ ایک چمچ خشخاش‘ ایک چمچ چاروں مغزان سب کو گرائنڈ کر کے صبح نہار منہ دودھ کے ساتھ کھانا ہے۔ اس دوائی سے کمزوری تو جہاں دور ہوئی وہیں کندھے کے شدید درد سے آرام آ گیا جو کہ کسی بھی دوائی سے نہیں جاتا تھا‘ بس وقتی طور پر فرق پڑتا تھا۔ (م، ا، ایبٹ آباد) (عبقری میگزین مارچ 2015 صفحہ 23)

یہ شمارہ اوروں سے آپ بھی اپنی آراء اور تجربات ضرور لکھیں تا کہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہے- contact@ubqari.org

www.ubqari.org facebook.com/ubqari

twitter.com/ubqari youtube.com/UbqariTasbeehKhana

# فالسے کے ہوتے ہوئے گرمی سے گھبراتے کیوں ہیں!

فالسے کا استعمال گرمی کی وجہ سے ہونے والے امراض، پیاس کی زیادتی، دل کی گھبراہٹ اور پسینے کے زیادہ آنے میں بہت ہی مفید ہے۔ اس کا مزاج سرد اور تر ہے جن مریضوں کو جگر کی گرمی اور آنتوں کی خشکی کی وجہ سے دائمی قبض رہتی ہو وہ صبح کے وقت فالسے چوس چوس کر گٹھلیوں سمیت کھائیں اس سے خاصہ افاقہ ہوتا ہے۔ اسے کھانے سے جلد کی چمک اور تازگی میں اضافہ ہوتا ہے۔ موسم کی شدت کی وجہ سے بے چینی اور اضطرابی کیفیت' معدہ اور سینہ کی جلن' دل کی حرکات میں تیزی' جگر کی کمزوری اور حرارت کی زیادتی میں اس کے فوائد مسلم ہیں۔ اسہال کی تکلیف میں فالسے کے بیجوں کو بھی چبا کر نگل لینا مفید ہوتا ہے۔ گرمی کے تیز بخار میں ایک چھٹانک فالسہ آدھا کلو ٹھنڈے پانی میں مدحانی سے رگڑ کر اس میں چینی ملا کر گھونٹ گھونٹ پلاتے رہنے سے بخار' بے چینی اور اضطراب کم ہو جاتا ہے۔ خون کی کمی اور یرقان کی علامات ہوں تو ان کے لئے اس کا رب یا سکوائش بہت مفید ہوتا ہے۔

ماہنامہ عبقری جون 2009 صفحہ 11 ماہنامہ عبقری جولائی 2012 صفحہ 11

# میرا ڈسٹ الرجی کا مسئلہ حل ہوگیا!

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! مجھے ڈسٹ الرجی کا مسئلہ تھا جو کہ مجھے کافی سالوں سے تھا۔ میں نے رسالہ عبقری میں قارئین کی خصوصی تحریروں میں اس کا علاج پڑھا کہ دیسی گھی کے چند قطرے ناک میں ٹپکائیں چند روز لگاتار صبح وشام کریں تو اس سے ہر طرح کی الرجی، فلو، دماغی کمزوری دور ہو جائے گی اور اب الحمدللہ میں تقریباً بالکل ٹھیک ہوں۔ (ط م۔ گوجرانوالہ)

عبقری میگزین دسمبر 2009 صفحہ 22

contact@ubqari.org

www.ubqari.org

twitter.com/ubqari facebook.com/ubqari

youtube.com/UbqariTasbeehKhana

# چوٹ، خراش اور بگڑے زخموں کیلئے ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک علمی ٹوٹکہ لکھ کر رہی ہوں یہ میرا بہت آزمودہ ہے۔ گرنے سے یا کوئی چیز لگنے سے خراش آجائے، زخم ہو جائے یا بعض اوقات زخم بگڑ جائے تو پریشان نہ ہوں فوراً آدھی چائے والی چمچ خالص ہلدی، آدھی چمچ پسے ہوئے لونگ (بالکل پاؤڈر بنالیں) ایک چھوٹی چمچ دیسی گھی (اگر دیسی گھی نہ ہو تو دوسرا گھی بھی ڈال سکتے ہیں) سٹیل کی پلیٹ میں دیسی گھی ڈال کر ہلکا سا گرم کرکے ساتھ ہی ہلدی، لونگ پاؤڈر بھی ڈال دیں اور اچھی طرح مکس کریں۔ ہلکی آنچ پر گرم کریں اور فوراً اتارلیں یعنی جلد جتنا گرم برداشت کرسکے اتنا گرم کریں اور اچھی طرح زخم پر روئی سے لگائیں۔ اتنا لگائیں کہ زخم چھپ جائے۔ روزانہ تین وقت لگائیں یا زخم کی نوعیت دیکھ کر دو ٹائم بھی لگا سکتے ہیں۔ بہت جلد کھرنڈ بن کر اتر جاتا ہے اور زخم ٹھیک ہو جاتا ہے، بہت زبردست ٹوٹکہ ہے۔

contact@ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org

# شوگر کیلئے ایسا نسخہ کہ منہ میں پانی آجائے!

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! یہ نسخہ میں نے سنبھال کر رکھا ہوا تھا جو مجھے ایک ریٹائرڈ فوجی بزرگ پسرور کے رہنے والے نے دیا تھا۔ میں اس وقت بالکل نوعمر تھا مجھے نسخے لکھنے کا شوق تھا۔ ان بزرگ نے کئی لوگوں کو یہ نسخہ بتایا اور میں نے بھی کاپی میں محفوظ کرلیا۔ اب آپ کی خدمت میں ارسال کررہا ہوں۔

**ھوالشافی:** نیم کے پتے آدھ کلو گندم آدھا کلو دونوں اشیاء عصر کے وقت پانی میں بھگو دیں اگلے دن پانی کو آگ پر رکھ کر 2 ابالے دیں۔ پتے اور پانی نکال کر پھینک دیں گندم کو خشک کرلیں اور آٹا بنالیں۔ اس آٹے میں بادام کی گری آدھا کلو باریک پیس کر آٹے میں ملا دیں۔ پھر آدھ کلو دیسی گھی بھی شامل کریں۔ ایک پاؤ دیسی شکر ملائیں اور آگ پر رکھ کر بھونیں جب پنجیری شکل بن جائے بس تیار ہے۔ عصر کی نماز کے بعد اپنی طبیعت کے مطابق 4 یا پانچ چمچ نیم گرم دودھ سے استعمال کریں۔ (م، ح) (عبقری میگزین مارچ 2011 صفحہ 39)

contact@ubqari.org
www.ubqari.org
twitter.com/ubqari facebook.com/ubqari
youtube.com/UbqariTasbeehKhana

# جگر کی گرمی یا نظر ہو کمزور آسان ترین نسخہ حاضر

ایک کمال کا نسخہ عبقری قارئین کی نذر کرتا ہوں، ضرور آزمائیں اور دعائیں دیں۔
جس کو جگر کی گرمی ہو یا اس کی نظر دن بدن کمزور ہو رہی ہو وہ دو گلاس دودھ لے اور
اسے چولہے پر رکھ کر اس میں دو تین چمچ سونف کے ڈال کر اسے اچھی طرح ہلکی
آنچ پر ابالے پھر چولہے سے اتار کر ٹھنڈا ہونے دیں، جب دودھ ٹھنڈا ہو جائے تو
اس میں 2 گلاس گاجر کا جوس مکس کر دیں اور اسے پی لیں۔ کچھ عرصہ مستقل مزاجی
سے استعمال کریں پھر اس کے فوائد خود دیکھیں۔ (ع،م)

ماہنامہ عبقری جنوری 2014 صفحہ نمبر 46

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org



# دو دن میں گوہانجنی ہمیشہ کیلئے ختم!

میں 10-11 سال سے اس مرض کا شکار تھا۔ ہفتہ میں ایک بار ضرور آنکھوں میں گوہانجنی نکلتی تھی۔ آنکھوں کے اسپیشلسٹ سے آنکھوں کا معائنہ کروایا۔ سات آٹھ سال سے علاج کرتا رہا جب ادویات اور سلوشن ختم ہوجاتے پھر دانے نکل آتے تھے۔ ایک دن حضرت حکیم صاحب سے فون پر بات کی اور مسئلہ بیان کیا۔ انہوں نے ایک حیران کن ٹوٹکہ بتایا۔ میں نے استعمال کیا۔ دوسرے دن گوہانجنی غائب ہوگئی۔ تادم تحریر سات آٹھ مہینے گزر چکے ہیں الحمدللہ پھر اس بیماری کا شکار نہیں ہوا ہوں۔

**ٹوٹکہ:** لونگ کو تھوڑے سے پانی میں پیس کر لیپ بنالیں اور یہ لیپ دانے پر لگائیں۔ انشاء اللہ دو تین بار لگانے سے گوہانجنی کا نام و نشان نہ رہیگا۔ اگر لونگ آنکھوں کے اندر چلا جائے تو آنکھیں جلتی ہیں لیکن پھر خود بخود ٹھیک ہوجاتی ہیں۔ (ام، بلوچستان) (عبقری میگزین نومبر 2010ء صفحہ 22)


یہ ٹوٹکے لوگوں نے آزمائے، آپ بھی آزمائیں اور آپ کے پاس بھی ہوں تو ضرور ہمیں لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ contact@ubqari.org

www.ubqari.org facebook.com/ubqari

twitter.com/ubqari youtube.com/UbqariTasbeehKhana

# ایک چٹکی سفوف سے
# بلغم، دمہ، بادی اور نزلے کا خاتمہ

محترم حضرت حکیم صاحبؒ عبقری کے قارئین کیلئے کریلے کا ایک مجرب نسخہ جو ہمارا آزمودہ ہے پیش خدمت ہے۔

آدھا کلو کریلے خرید کر اس کو بمعہ بیج اور چھلکا کاٹ کر خشک کرلیں پھر سفوف بنالیں۔ کھانا کھاتے وقت جو بھی گھر میں سالن پکا ہو اپنی کھانے والی پلیٹ میں ایک بڑی چٹکی کریلے کا سفوف ڈال کر روٹی کے ساتھ کھائیں۔ بلغم، دمہ، بادی اور نزلے کا خاتمہ ہو جائے گا اور یہ سفوف بلغم تو بالکل بھی نہیں رہنے دے گا۔ اس سفوف میں اور کوئی چیز شامل نہیں کرنی۔ (م، ر)

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org
contact@ubqari.org



# سفید بال کالے آزمودہ ٹوٹکہ! آپ بھی آزمائیے

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! میں آپ کا درس روحانیت دامن ہر جمعرات تسبیح خانہ میں آکر سنتی ہوں۔ ایک مرتبہ درس کے بعد ایک لڑکی نے میرے سفید بال دیکھ کر اپنا آزمایا ہوا ٹوٹکہ بتایا کہ جب میں قرآن مجید حفظ کر رہی تھی تو میرے بال سفید ہو گئے تو میں نے تین عدد آملے کا مربہ ایک گلاس نیم گرم دودھ کے ساتھ صبح و شام کھایا۔ میں نے یہ ٹوٹکہ پانچ سے چھ ماہ استعمال کیا تو میرے بال دوبارہ سے سیاہ ہو گئے اور اب تک ایک بال بھی سفید نہیں ہے۔ اب بھی کبھی کبھار کھا لیتی ہوں۔ یہ ٹوٹکہ حافظہ کیلئے بھی لاجواب ہے۔ (ر،ق)

2016 صفحہ 5

facebook.com/ubqari
contact@ubqari.org
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org

# سردیوں میں سن باتھ سے طاقت پائیں!

سردی کے موسم میں روزانہ دو تین گھنٹے دھوپ میں بھی ضرور بیٹھنا چاہیے۔ سورج کی شعاعیں ہمارے بدن میں نہ صرف حرارت پیدا کرتی ہیں بلکہ طاقت بھی دیتی ہیں اسی کو اہل مغرب سن باتھ کہتے ہیں جو ان کے ہاں بڑا مقبول ہے۔ (ن، ع، بخاری) (عبقری میگزین دسمبر 2012ء صفحہ 8)

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari



# سنگترے کی گولیاں اور بیماریاں ختم

تازہ سنگترہ کہیں رکھ دیں، پڑا پڑا سوکھ جائے تو اسے پیس کر شہد کی مدد سے اس کی چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ یہ گولیاں ہیضہ، قے اور متلی کو ختم کردیتی ہیں، روزانہ پانچ گولیاں کھائیں۔ (عبقری میگزین نومبر 2010ء صفحہ 40)

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

# کان درد کیلئے انتہائی آسان ٹوٹکہ!!!

سردی لگنے، میل جمنے، پھنسیاں نکلنے، چوٹ لگنے سے کان میں درد ہونے لگے تو ادرک کے رس کو کپڑے سے چھان کر نیم گرم کرکے تین چار بوندیں ڈالیں۔ اس سے درد ضرور ٹھیک ہو جائے گا۔ اگر درد باقی رہے تو تھوڑی دیر بعد دوبارہ ڈالیں۔

عبقری
facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# گھٹنوں کے درد سے پریشان حضرات متوجہ ہوں!!

گھٹنوں کا درد دور کرنے کیلئے کھانے کے ساتھ کھیرا بطور سلاد ضرور کھائیں۔

ان شاء اللہ اس سے مذکورہ مرض سے جلد ہی نجات مل جاتی ہے۔

عبقری
facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# کچے پپیتے سے 100 فیصد پتھری کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! یہ نسخہ میرا اور بہت سے لوگوں کا آزمودہ ہے۔ جس نے بھی آزمایا ہے اس نے اس کو سو فیصد کامیاب پایا ہے۔ نسخہ یہ ہے کہ کچے پپیتے سے گردے کی پتھری خودبخود پیشاب کے راستے نکل جاتی ہے۔ آپ کچے پپیتے کو نمک لگا کر یا پھر چینی لگا کر حسب طبیعت زیادہ سے زیادہ کھائیں۔ پتھری سو فیصد نکل جائے گی۔ (ا،ت،ع)

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org
contact@ubqari.org

# 10 روپے کی دوا سے لاعلاج امراض کا شافی علاج

contact@ubqari.org

قارئین کیلئے ایک آزمودہ نسخہ حاضر ہے۔ یہ نسخہ بادی، خونی اور پرانی بواسیر کیلئے بہت اکسیر اور لاجواب ہے اور ایسے مریض جنہیں پیٹ کے کیڑوں نے عاجز کر رکھا تھا اس نسخے کے استعمال سے انہیں بہت افاقہ ہوا۔

ایک صاحب کو صبح اٹھتے ہی چہرے، ہاتھوں اور جسم پر ورم ہو جاتا تھا، علاج کے باوجود بھی افاقہ نہیں ہو رہا تھا میری تشخیص کے مطابق اسے پیٹ کے یعنی آنتوں کے کیڑے تھے اور جب انہیں میں نے یہ نسخہ استعمال کروایا تو ورم بتدریج کم ہونا شروع ہو گیا۔

ایک مریضہ دن رات دورے پڑنے کی تکلیف میں مبتلا تھی، کوئی کچھ مرض بتاتا کوئی کچھ۔ بندہ نے پیٹ کے کیڑے تجویز کیے اور یہی نسخہ استعمال کروایا اس سے بہترین افاقہ ہوا اور دورے آہستہ آہستہ کم ہونا شروع ہو گئے۔

ایک بچہ لایا گیا جس کا پیٹ پھولا ہوا، ٹانگیں پتلی، باقی جسم موٹا، سر پھولا ہوا، چہرے پر ورم، گھبراہٹ، پیلاہٹ، غذا سے نفرت، چڑچڑاپن اور وحشت مزاج تھا۔ اس کی تحقیق و تشخیص کے بعد پیٹ کے کیڑے نکلے۔ جب اس بچے کو یہی دوا کم مقدار میں استعمال کروائی گئی اور مسلسل استعمال کروائی گئی تو آہستہ آہستہ بچہ تندرست ہونے لگا۔

**ھوالشافی:** کلونجی 70 گرام، سرسوں کے بیج (جس سے کڑوا تیل نکلتا ہے) 100 گرام اور نیم کی نمولی کا اندرونی مغز 100 گرام۔

تمام اجزاء کوٹ پیس کر سفوف تیار کر لیں اور بڑے کیپسول بھر کر دو سے ایک کیپسول دن میں تین سے چار بار پانی کے ہمراہ کھانے سے قبل استعمال کریں۔ بچوں کو اس سفوف کی ایک چٹکی دن میں تین بار پانی کے ہمراہ دیں۔

# یرقان کا لذیذ اور آسان علاج

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم یرقان کا نہایت سستا اور آزمودہ علاج حاضر خدمت ہے۔ دیسی خرگوش ذبح کرکے گوشت دھوئیں نہیں اور اسے لاہوری نمک اچھی طرح لگا کر کھلی ہوا میں رکھیں (الائشیں صاف کرکے صرف گوشت کو نمک لگانا ہے)۔ گوشت کو صبح گھی میں تل لیں۔ تلے ہوئے گوشت کو تھوڑا تھوڑا کرکے سارا دن کھائیں۔ اس کے علاوہ نہ پانی پئیں نہ کچھ اور کھائیں، دوسرے دن سے اپنے معمول کی غذا لیں۔ کئی لوگوں کو بنوا کر دیا ہے، کھانے کے بعد انہوں نے جب ٹیسٹ کروائے ہیں تو بہترین نتائج ملے۔ تیرہ لوگوں پر میں نے خود تجربہ کیا۔ ان سب نے خرگوش کا گوشت اوپر بتائے ہوئے طریقے کے مطابق صرف ایک دن ہی کھایا۔ سب کے ٹیسٹ نارمل تھے۔ میں نے ان سب سے کہا کہ اگر کچھ بیماری رہ جائے تو پھر اسی طریقے سے گوشت کھا لینا۔ (م، ر، حیدر آباد)

بے شمار لوگوں نے آزمایا، آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہے۔ contact@ubqari.org

# انسان کی ناف پر 1400 جراثیم پائے جاتے ہیں!

امریکہ کی نارتھ کیرولینا اسٹیٹ یونیورسٹی کی ایک حالیہ تحقیق کے مطابق انسان کی ناف پر ایک وقت میں ایک ہزار چار سو کے قریب جراثیم موجود ہوتے ہیں۔ یونیورسٹی کی جانب سے 95 رضاکاروں کی مدد سے کیے گئے مطالعے میں سامنے آنے والے انکشافات کے مطابق نہ صرف انسانوں کی ناف پر موجود گڑھے میں 1400 جراثیم نشوونما پا رہے ہوتے ہیں بلکہ ان میں سے تقریباً 662 ایسے جراثیم ہیں جن کی شناخت پہلی بار منظر عام پر آئی ہے۔ نتیجتاً اسی لیے طب کی پرانی کتابوں اور پرانے لوگوں کے تجربات میں ناف میں تیل لگانا اور صحت پانا ہے اور وہ لوگ سختی سے ناف میں تیل لگانے کی تلقین کرتے تھے۔

ماہنامہ عبقری جولائی 2012ء صفحہ 21

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org

# تھوڑے سے نیم کے پتے اور ناک کی ہڈی کا بڑھنا ختم

اگر ناک کی ہڈی بڑھ رہی ہوں تو اس کیلئے نیم کے تھوڑے سے تازہ پتے لے کر انہیں پانی میں جوش دیں' پھر اس پانی کو چھان کر اس میں ذرا سا نمک ملا لیں۔ اس نیم گرم پانی کو ناک کے نتھنوں میں اس طرح ڈالیں جیسا کہ وضو کرتے ہوئے ڈالتے ہیں۔ دس بارہ دن تک علاج جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔ (عبقری میگزین اگست 2010ء صفحہ 36)

contact@ubqari.org
www.ubqari.org
twitter.com/ubqari facebook.com/ubqari
youtube.com/UbqariTasbeehKhana
عبقری

آپ بھی پڑھیں!

# گاجر کے ٹوٹکے سے قابل رشک صحت کیسے ملی؟

میں عبقری کی بہت پرانی قاریہ ہوں۔ ایک ٹوٹکہ بھیج رہی ہوں، نہایت آزمودہ ہے۔ قارئین آپ بھی بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ دو تین گاجریں کاٹ کر تھوڑے سے پانی میں اتنا اُبالیں کہ پانی گاجروں میں جذب ہوجائے اب ان پر تھوڑی سی چینی ڈال لیں۔ روزانہ ناشتے میں اُبلی ہوئی تین گاجریں کھا کر ایک گلاس دودھ پی لیا کریں۔ ذائقہ کیلئے ان پر چاندی کا ورق بھی لگا سکتے ہیں یا چھوٹی الائچی پیس کر چھڑک سکتے ہیں، تین چار ہفتوں میں ہی صحت لاجواب ہوجائے گی۔ اگر چاہیں تو گاجر کا مربہ بھی بنا سکتے ہیں۔ ایک خاتون بہت دبلی پتلی تھیں میں نے ان کو یہی ٹوٹکہ بتایا، انہوں نے اس پر عمل کیا۔ ایک مرتبہ میری ان سے ملاقات ہوئی تو میں ان کے تروتازہ اور شگفتہ چہرے کو دیکھ کر حیران رہ گئی انہوں نے بتایا "میں نے گاجر والے ٹوٹکے پر عمل کیا ہے اب میری صحت قابل رشک ہے، میرے شوہر بھی خوش ہیں۔ گاجروں نے میری کایا ہی پلٹ دی ہے، خوب بھوک لگتی ہے، پیٹ میں کوئی گڑبڑ نہیں، قبض ختم ہوگئی اور چہرے کا پیلا پن خودبخود غائب ہوگیا۔ (ن، م) عبقری میگزین ستمبر 2012ء صفحہ 35

contact@ubqari.org

youtube.com/UbqariTasbeehKhana

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# لیموں سے کینسر کا مریض صحت یاب، ڈاکٹر حیران!

محترم حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! میں چھ ماہ سے آپ کا رسالہ عبقری پڑھ رہی ہوں بہت ہی اچھا لگا۔ میرے ایک جاننے والے ہیں وہ کینسر کے مرض میں مبتلا تھے، علاج پر لاکھوں روپے خرچ ہوگئے لیکن کوئی خاص فرق نہیں پڑ رہا تھا۔ ان کی زبان کا ذائقہ ہروقت خراب رہتا تھا' پھر انہوں نے لیموں کا استعمال کیا' لیموں کا شربت بنا بنا کر پیتے' لیموں سالن میں ڈال کر کھاتے حتیٰ کہ لیموں کا استعمال بہت زیادہ بڑھا دیا۔ لیموں ہاتھ میں پکڑ کر چاٹتے رہتے' چوستے رہتے۔۔۔ اس عمل سے انہیں کچھ بہتری محسوس ہوئی۔ جب ٹیسٹ کروانے ڈاکٹر کے پاس گئے تو رپورٹ کافی بہتر تھی۔ ڈاکٹر کو یقین نہ آیا دوبارہ ٹیسٹ لیے تو ڈاکٹرز حیران رہ گئے۔ انہوں نے ہمارے عزیز سے پوچھا آپ آج کل کون سی دوائی استعمال کر رہے ہیں ماشاء اللہ آپ تو کافی بہتر ہیں تو انہوں نے بتایا دوائی تو اور کوئی نہیں البتہ لیموں کا استعمال بہت زیادہ کر رہا ہوں۔ ڈاکٹرز کہنے لگے اب تو ہم بھی ہر مریض کو لیموں کے استعمال کا مشورہ دیں گے۔ اللہ کی شان کہ اس نے ایک چھوٹے سے لیموں میں شفاء لکھ دی۔ برسات میں ہر چیز میں کیڑا لگ جاتا ہے مگر کسی نے لیموں میں کیڑا لگا ہوا نہیں دیکھا ہوگا۔ (س، ح، ا)

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari www.ubqari.org
contact@ubqari.org

# کسی بھی قسم کا بخار نزدیک نہیں آئیگا!

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! ایک نہایت لاجواب ٹوٹکہ عبقری قارئین کو ہدیہ کر رہا ہوں۔ ایک چمچ ساگو دانہ گرم دودھ میں ڈال کر ڈھانپ دیں۔ 15 منٹ بعد چمچ سے ہلا کر پی لیں کسی قسم کا بخار قریب نہیں آئیگا۔ (م، ا، لاہور)

2013 21
contact@ubqari.org
www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

# لقوہ کا نہایت آزمودہ علاج

ھوالشافی: مغز ریٹھا حسب ضرورت لے کر کوٹ لیں اب شہد خالص اتنا ڈالیں کہ گولی بن جائے۔ گولی بقدر چنا بنائیں۔ ایک گولی صبح وشام ہمراہ نیم گرم دودھ پتی کے ساتھ استعمال کریں۔ ان شاء اللہ چند دن' چند ہفتے' چند ماہ کے استعمال سے اس نامراد بیماری سے جان چھوٹ جائے گی۔ جس نے بھی کچھ عرصہ استعمال کیا اللہ کے کرم سے شفاء پائی۔ (ام جہلم) (عبقری میگزین ستمبر 2014 صفحہ 11)


بے شمار دوستوں سے آزمودہ آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں

کیا آپ بھی صدقہ جاریہ بنئے۔ contact@ubqari.org

www.ubqari.org

twitter.com/ubqari facebook.com/ubqari

youtube.com/UbqariTasbeehKhana

عبقری

# ضدی بخار کا میٹھا علاج

اگر بخار نہ ٹوٹ رہا ہو تو مریض کو پانی میں گڑ گھول کر پلائیں یا شکر کھلائیں ان شاء اللہ بخار ٹوٹ جائے گا، بہت آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔

contact@ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# بہرے پن کا مرض
# ایک آیت سے ختم

اگر کوئی شخص اونچا سنتا ہو تو یہ آیت روزانہ سات بار پڑھ کر دم کریں۔ ان شاء اللہ بہرے پن سے نجات مل جائے گی۔ مرض کے خاتمے تک اس عمل کو جاری رکھیں۔

وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوا لَهُ وَأَنصِتُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ (الاعراف:204)

ماہنامہ عبقری میگزین [illegible] 2014 صفحہ 11

facebook.com/ubqari

contact@ubqari.org twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# گرمی اور بے شمار امراض سے نجات کیلئے صرف چند دانے کھائیں!

چار دانے خشک انجیر رات کو پانی میں بھگو دیں، صبح اٹھ کر نہار منہ کھا لیں اور اوپر سے پانی پی لیں اور گھنٹے بعد ناشتہ کریں۔ رات بھر بھگونے سے انجیر کی گرمی ختم ہو جاتی ہے۔

یہ ٹونک مثانے اور جگر کی گرمی کیلئے بہترین ہے۔ قبض کو ختم کرتا ہے۔ گردوں اور مثانہ کے امراض کا شافی علاج ہے۔ بلڈ پریشر کو نارمل کرتا ہے، ہائی بلڈ پریشر کیلئے بہت بہترین چیز ہے۔ خاص طور پر بالوں کو بہت فائدہ دیتا ہے، بالوں کی جڑیں مضبوط ہو جاتی ہیں، بالچر ختم ہو جاتا ہے اور بواسیر کیلئے بھی بہت مفید ہے۔

# دانتوں کو چمکدار بنانے کیلئے آزمودہ نسخہ!

دانتوں کی صفائی کیلئے لیموں کو نچوڑنے کے بعد اس کے چھلکے کے اندرونی طرف نمک لگا کر دانتوں پر اچھی طرح مل لیں۔ اس سے دانت انتہائی چمکدار اور صاف ہو جاتے ہیں۔

# ہاتھوں اور کہنیوں کی سیاہی دور کریں!

ہاتھوں اور کہنیوں پر پڑ جانے والے سیاہ نشان دور کرنے کیلئے لیموں کے استعمال شدہ چھلکے لے کر متاثرہ جگہ پر رگڑیں اور پھر اس جگہ کو دھو کر کوئی بھی کولڈ کریم لگا لیں۔ دن میں ایک مرتبہ اس ٹوٹکے پر عمل کریں، چند روز میں سیاہ دھبے دور ہو جائیں گے۔ (عبقری میگزین اگست 2010ء صفحہ 36)

یہ ہزاروں کے آزمودہ ہیں آپ بھی آزمائیں اور جو ٹوٹکے مجرب ہوں لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ contact@ubqari.org

www.ubqari.org youtube.com/UbqariTasbeehKhana /ubqari

# گردے کی پتھری کا میٹھا مزیدار علاج

2 چمچ مصری۔

16 دو دانے بڑی الائچی کے

1 چمچ خربوزے کے بیج کی گری

ان سب کو باہم پیس کر ایک کپ پانی میں ملا کر صبح و شام دو مرتبہ روزانہ پیتے رہیں۔ اس سے گردوں کی پتھری گھل کر نکل جاتی ہے۔

عبقری
facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# رات کے اندھے پن کا علاج

وہ لوگ جن کی نظر دن کے وقت ٹھیک ہو لیکن رات کو
انہیں کم دکھائی دیتا ہو، ایسے افراد کو چاہیے کہ
گاجریں کثرت سے استعمال کریں۔

کیونکہ گاجر میں حیاتین الف بکثرت پائے جاتے ہیں۔

یہ رات کے اندھے پن کا قدرتی علاج ہے۔

facebook.com/ubqan
twitter.com/ubqan www.ubqan.org



# گیس، بادی، ہاضمے اور دردوں کیلئے ہزاروں کا آزمودہ نسخہ!

میرے پاس ہاضمے، گیس، بادی اور دردوں کیلئے ایک لاجواب نسخہ ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں، میں اس دوائی کی بیس ہزار ڈبیاں بنا کر بیچ چکا ہوں۔

ھوالشافی: کالی مرچ، کالا نمک، کلونجی اور میتھرے ہم وزن لے کر پیس لیں اور آدھا چمچ چائے والا کھانے کے بعد کھالیں۔ (ا۔ز۔س)

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari www.ubqari.org

facebook.com/ubqari

twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# پسینہ کی بدبو۔۔۔اب نہیں!

پسینہ کی بدبو کیلئے پھٹکڑی (جو پنسار سٹور سے باآسانی دستیاب ہوتی ہے) پانی میں ڈال کر اس پانی سے نہائیں یا نہانے کے بعد پھٹکڑی کا ٹکڑا لے کر بغلوں میں استعمال کریں۔ آپ کے بدن سے پسینے کی بدبو نہیں آئے گی (ان شاء اللہ)

# سبز مرچیں اب جلدی خراب نہیں ہوں گی!

سبز مرچیں بہت جلد خراب ہو جاتی ہیں ان کو کچھ عرصہ محفوظ کرنا ہو تو ان کی ڈنڈیاں اُتار دیں، اس سے مرچیں کافی عرصے تک فریش رہیں گی۔

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# دل کے ہاتھوں عاجز آج ہی انار لے آئیں

contact@ubqari.org

انار کے بارے میں کی گئی ایک حالیہ تحقیق میں اسے دل کیلئے انتہائی مفید قرار دیا گیا ہے۔ سائنسدانوں نے کہا ہے کہ روزانہ انار کے رس کا ایک گلاس پینے سے دل کی بیماری کا خطرہ بڑی حد تک کم ہو جاتا ہے۔ ریم بم میڈیکل سینٹر حیفہ کے پروفیسر مائیکل ایویرا نے بتایا کہ دیگر پھلوں کے جوسز اور سبز چائے کے مقابلے میں انار کے رس میں اینٹی آکسیڈنٹس کی مقدار کہیں زیادہ ہوتی ہے۔ میڈیکل سنٹر میں کی گئی تحقیق سے معلوم ہوا کہ انار کا جوس پینے والے افراد کے خون میں کولیسٹرول کے آکسیڈیشن کا عمل بہت سست تقریباً آدھا رہ گیا تھا جبکہ خراب کولیسٹرول کی مقدار بھی گھٹ گئی تھی۔ یہ وہی خراب کولیسٹرول ہے جو شریانوں میں چربیلے مادوں کی صورت میں جمع ہونے لگتا ہے جس سے خون کے بہاؤ میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے اور اس سے دل کی بیماریاں لاحق ہوتی ہیں۔ (ابن صادق آباد)



www.ubqari.org youtube.com/UbqariTasbeehKhana /ubqari



# برسات اور حبس میں مٹھے کا ساتھ

گرمی کی شدت سے موسم برسات میں اکثر قے، متلی محسوس ہوتی ہے جسے بروقت کنٹرول نہ کیا جائے تو بعض حالات میں ہیضے کی صورت اختیار کر لیتی ہے، ایسی صورت میں مٹھے کا استعمال بے حد مفید و موثر ثابت ہوتا ہے۔ یہ نظام ہاضمہ کی بے قاعدگی کو ختم کرتا ہے اور اسے تقویت بخشتا ہے۔ بدہضمی کو دور کرتا ہے، گرمی کی وجہ سے خون میں جوش پیدا ہونے کے عمل کو کم کرکے جسم کی حرارت کو معتدل بناتا ہے، اسے گلے کی بیماریوں کیلئے بھی خاصا موثر پایا گیا ہے۔ یہ قوت بخش پھل ہے جو کہ گرم مزاج کے حامل افراد کیلئے مفید تصور کیا جاتا ہے۔ اس کے استعمال سے جسم میں موجود بلغم کے اخراج میں مدد ملتی ہے سرد اور صفراوی مزاج کے حامل افراد کیلئے یہ قدرے نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے اس لئے کالی مرچ اور زیرہ کے ساتھ استعمال کرنا موزوں ہے۔ یہ گرمی سے پیدا ہونے والی پیاس کو بجھاتا ہے اور ہونٹوں کے پھٹنے کے عمل کو روکتا ہے۔ برسات کے بعد جب مختلف امراض سر اٹھاتے ہیں خاص طور پر بخار کی وباء پھیلتی ہوئی نظر آتی ہے تو ایسے میں گرمی کے بخار میں مٹھا قدرت کا ایک خاص تحفہ ثابت ہوسکتا ہے۔

# کیا آپ کا بھی سر چکراتا ہے؟؟؟

میں ایک آزمودہ نسخہ امانت سمجھ کر عبقری کے قارئین تک پہنچا رہی ہوں۔ آزمائیں اور دعائیں دیں۔

اکثر لوگوں میں سر چکراتا ایک بیماری کی شکل اختیار کرجاتا ہے اس بیماری کے حل کیلئے ایک نہایت آسان اور بارہا کا آزمودہ نسخہ بہت مجرب ہے۔

ھوالشافی: ایک پاؤ دہی لیں اور اس میں سفید زیرہ ایک چھوٹا چائے کا چمچ مکس کرلیں۔ اگر چاہیں تو اس میں حسب ذائقہ تھوڑا سا نمک یا چینی ڈال سکتے ہیں بلڈ پریشر کے مریض نمک مت ڈالیں۔ یہ دہی خالی پیٹ استعمال کریں.... کم از کم ایک ہفتہ اور زیادہ جب تک جتنا چاہیں..... اس کا کوئی نقصان نہیں بلکہ اس سے معدہ بھی ٹھیک رہتا ہے۔ میری والدہ ہائی بلڈ پریشر اور السر کی پرانی مریضہ تھیں انکو بہت چکر آتے تھے بہت علاج کرائے لیکن ان کو شفا صرف اس نسخے سے ملی۔ (خ،ز)

ماہنامہ عبقری میگزین اگست 2012ء صفحہ 6

facebook.com/ubqari
contact@ubqari.org
twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# بیماریوں کا علاج جامن سے!

جامن بھوک بڑھاتا ہے۔ خون کے جوش کو دور کرتا ہے۔ ذیابیطس (شوگر) کی بیماری میں متواتر استعمال کرنے سے بے حد فائدہ ہوتا ہے۔ تیزابیت کا خاتمہ کرتا ہے۔ خون کی کمی کو پورا کرتا ہے اور مصفی خون بھی ہے۔ پیشاب کی جلن میں انتہائی مفید ہے۔ معدے کے زخم اور آنتوں کے ورم اس کے استعمال سے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ جامن چہرے کا رنگ نکھارتا ہے۔ رات کو سوتے میں منہ سے پانی بہنے کی شکایت کو دور کرتا ہے۔ سینے کی جلن کیلئے انتہائی مفید ہے۔ چہرے کے داغ دھبے، چھائیاں، جامن کے شربت کے استعمال سے یا خالی جامن متواتر استعمال کرنے سے دور ہوتے ہیں۔ اگر دانتوں کی خرابی کی وجہ سے منہ سے بدبو آتی ہو تو جامن کھانے سے دور ہو جاتی ہے۔ جامن قابض ہوتا ہے۔ اسلئے اس پر نمک لگا کر استعمال کرنا چاہئے۔ جامن میں وٹامن سی بہت پائے جاتے ہیں۔ جن مریضوں کا معدہ کمزور ہو انہیں چاہئے کہ صبح ناشتے میں ایک پاؤ جامن کھائیں اس سے معدہ مضبوط ہوگا اور غذا جلد ہضم ہو جائے گی۔ آواز کو درست کرتا ہے اور گلے کو بھی صاف کرتا ہے۔ اگر پاؤں میں جوتے کا زخم ہو جائے تو جامن کی گٹھلی پیس کر لگانے سے جلد آرام آجاتا ہے۔ جامن گرتے ہوئے بالوں کو روکنے کیلئے قدرت کا بہترین تحفہ ہے۔

# دنیا کا کوئی مرض ہو آدھے چمچ سے علاج

یہ بہت ہی بہترین اور انمول تحفہ عبقری قارئین کیلئے دے رہا ہوں' یہ نسخہ مجھے دہلی کے ایک بہت بڑے حکیم نے بڑی منت اور بہت زیادہ مشقت کے بعد دیا تھا۔ یہ میں نے بہت سے لوگوں پر آزمایا ہے۔ بالکل چھوٹا سا نسخہ ہے صرف تین اجزاء ہیں۔ سوڈا میٹھا' چینی اور ست پودینہ۔ نسخہ: سوڈا میٹھا پانچ تولہ لیں' چینی بیس تولہ اور ست پودینہ ایک تولہ لے کر آپس میں مکس کر لیں۔ جگر کا کوئی مسئلہ ہو' معدہ' دل' ہیپاٹائٹس' گیس' تبخیر' جگر سکڑ چکا ہو' مثانے کے مسائل' مثانے کی گرمی' الٹیاں' قے' بچوں کے دست' دل کی گھبراہٹ آپ بس آنکھیں بند کر کے دیتے چلے جائیں۔ مقدار خوراک آدھا چمچ بڑوں کیلئے۔ دن میں تین سے چار بار۔ صبح و شام بھی دے سکتے ہیں۔ بچوں کیلئے چٹکی' حسب ضرورت یا حسب طبیعت بھی دے سکتے ہیں۔

ماہنامہ عبقری [illegible] 2014 صفحہ 43

facebook.com/ubqari
contact@ubqari.org twitter.com/ubqari www.ubqari.org

عبقری®
www.ubqan.org
facebook.com/ubqan
twitter.com/ubqan

# انار کھائیں بھوک بڑھائیں!

انار کے دانے نکال کر ان پر نمک اور کالی مرچ کا سفوف چھڑک کر ان کا رس چوسنا پیٹ کے درد کی شکایت اور بھوک کی کمی میں بہت مفید ہے۔

عبقری میگزین ستمبر 2016ء صفحہ 12

# گنج پن دور کرنے کا نایاب نسخہ



محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! میں آپ کا رسالہ بڑے شوق سے پڑھتی ہوں۔ میرے پاس گنج پن دور کرنے کا ایک نایاب نسخہ ہے اور میں یہ نسخہ قارئین عبقری کو ہدیہ کر رہی ہوں۔ ھوالشافی:۔ زیتون کا تیل ایک چمچ' شہد ایک چمچ اور دار چینی آدھا چمچ پسی ہوئی ملا کر متاثرہ جگہ پر لگائیں۔ کچھ عرصہ مسلسل استعمال سے نئے بال نکلنا شروع ہو جائیں۔ (ع،ن۔س)

contact@ubqari.org facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# کچن سے دو اجزاء لیں اور کمر درد ہمیشہ کیلئے بھگائیں



ادرک کا رس آدھا چمچ' دیسی گھی آدھا چمچ مکس کرکے روزانہ ایک چمچ
صبح وشام پینے سے پرانا کمر درد ٹھیک ہوجاتا ہے اور یہ ٹوٹکہ استعمال
کرنے والا ان شاء اللہ آئندہ کے لیے کمر درد سے محفوظ رہے گا۔

Follow Us facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# بالوں کے تمام مسائل کیلئے لاجواب آئل

عبقری قارئین بالوں کیلئے یہ تیل بہت لاجواب ہے، ضرور آزمائیں اور دعائیں دیں۔ ایک پاؤ نیم کے پتے' ڈیڑھ پاؤ سرسوں کا تیل۔ طریقہ: نیم کے پتوں کو کونڈی میں ڈال کر اچھی طرح رگڑیں (پانی نہ ڈالیں) جب یہ چٹنی کی طرح بن جائے تو ایک کڑاہی میں چٹنی کی تہہ کو بچھا دیں، اس کے اوپر سرسوں کا تیل ڈال دیں، اب اس کو ہلکی آنچ پر رکھ دیں، جب نیم کی خوشبو آنے لگ جائے اور تیل کا رنگ نیم کے پتوں جیسا ہو جائے تو اتار کر اس کو چھان کر بوتل میں محفوظ کر لیں۔ طریقہ استعمال: نہانے سے تقریباً آدھ گھنٹہ پہلے اس تیل سے سر میں مالش کریں بعد میں نہالیں، نہانے کے بعد سرسوں کا تیل ہلکا سا بالوں میں لگالیں۔ اگر جسم پر کوئی پھوڑا پھنسی خارش ہے تو یہ تیل اس کے اوپر ملیں اور بعد میں نہالیں، یہ کینسر تک کے پھوڑوں کیلئے مفید ہے۔ آپ اسے پی بھی سکتے ہیں۔ (طاہرہ، فیصل آباد)

contact@ubqari.org



# لاجواب حافظے کیلئے شاندار ٹوٹکہ

کند ذہنی سے نجات کیلئے، پہلے دن صبح نہار منہ ایک بادام کی گری، دوسرے دن دو، تیسرے دن تین حتیٰ کہ 40 دن تک ایک ایک گری بڑھاتے جائیں۔ چالیسویں دن چالیس گریاں کھائیں۔ اکتالیسویں دن سے روزانہ ایک ایک گری کم کرتے جائیں حتیٰ کہ ایک گری تک واپس آجائیں۔ حافظہ لاجواب ہوجائے گا۔ بادام کو رات کو کچے مٹی کے برتن میں بھگوئیں، صبح بادام کو چھلکے اتار کر کھائیں۔

عبقری
facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# اونٹنی کے دودھ سے خطرناک امراض کا علاج

اونٹنی کا کچا دودھ آدھا کلو روزانہ نہار منہ پئیں' 80 دن تک لگاتار۔ ہیپاٹائٹس' گردوں اور پیشاب کی تکالیف، جگر کی ہر قسم کی بیماری اور شوگر کے لیے اللہ کے کرم سے سو فیصد فائدہ ہوگا۔ کھانا' ہضم ہوگا' طاقت آئے گی۔ دودھ کچا ہی پینا ہے' اونٹنی کا دودھ پینا سنت بھی ہے۔ یہ دودھ اگر ایک گھنٹے تک کھلی ہوا میں پڑا رہے تو اس میں کیڑے پیدا ہوجاتے ہیں۔ اس لیے کچے دودھ کو فریج میں رکھیں۔ (م، ص' سکھر)

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# آملیٹ کھائیں گے؟

آملیٹ کو نرم اور پھولا ہوا بنانے کیلئے آملیٹ کے آمیزے میں دو چمچ دودھ ملائیں' پیاز باریک کاٹ کر ملائیں اور خوب پھینٹیں۔ آملیٹ نرم اور لذیذ بنے گا۔

عبقری میگزین اگست 2010ء صفحہ 31

# آڑو کھائیں خون بڑھائیں!

جسم میں خون کی کمی دور کرنے کیلئے روزانہ صبح نہار منہ ایک عمدہ پکا ہوا آڑو اچھی طرح چبا کر کھائیں اور آدھے گھنٹے بعد ایک گلاس دودھ پی لیں' کچھ ہی عرصے میں چہرے پر سرخی جھلکنے لگے گی۔

facebook.com/ubqari

twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# ہائی بلڈ پریشر کا فوری علاج

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! ہائی بلڈ پریشر کیلئے میرے پاس ایک لاجواب ٹوٹکہ ہے جو میں قارئین کی نظر کر رہا ہوں۔ آدھا گلاس دودھ میں آدھا گلاس پانی ملا کر 3 سانسوں میں پی جائیں۔ دودھ فریج والا ٹھنڈا ہو ورنہ عام کمرے والے درجہ حرارت کا بھی ہو تو ان شاء اللہ افاقہ ہوگا۔ (م ا۔ لاہور)

# آدھا گلاس پانی اور بڑھا ہوا پیٹ اندر!

10 گرام اجوائن 10 گرام سونف کو ایک گلاس پانی میں ڈال کر پکائیں، جب آدھا پانی رہ جائے تو اسے نیم گرم پی لیں۔ اسی ترکیب سے صبح و شام یہ اس نسخے پر عمل کریں۔ صرف چند دن کے استعمال سے نمایاں فرق ہوگا۔ سستا اور مجرب ہے۔ (ش، ح، خانیوال) (عبقری میگزین مارچ 2011ء صفحہ 35)


contact@ubqari.org

www.ubqari.org facebook.com/ubqari

twitter.com/ubqari youtube.com/UbqariTasbeehKhana

# عیدالاضحیٰ میں جتنا جی میں آئے کھائیں!

عیدالاضحیٰ میں جتنا جی میں آئے کھائیں اور کھانے کے بعد تھوڑا سا گڑ (گڑ سفید نہ ہو براؤن یا بلیک ہو یعنی کیمیکل سے پاک ہو) کھالیں بدہضمی، تیزابیت، تبخیر، قبض، معدے کے امراض اور موٹاپا نہیں بڑھے گا۔


بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور ہمیں فائدے ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے- contact@ubqan.org

# ناخنوں میں فنگس، انفیکشن کیلئے لاجواب ٹوٹکہ

contact@ubqari.org
www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! بعض اوقات ناخنوں میں فنگس ، انفیکشن (Fungus ,Infection) ہوجاتی ہے اس کیلئے یہ میرا آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔ میرا پورا ناخن اس وجہ سے اتر گیا تھا۔ میں نے فنگس انفیکشن کی کریمیں بھی بہت استعمال کیں لیکن فائدہ صرف وقتی ہوتا۔ پھر میں نے سرسوں کا تیل ذرا پانی میں ڈال کر ناخن پر لگانا شروع کردیا جب بھی پاؤں دھوتی تو پاؤں خشک کرکے سرسوں کا تیل لگالیا کرتی تھی۔ کچھ عرصے کے بعد ہی میرا پرانا ناخن مکمل طور پر اتر کر نیا ناخن نکل آیا۔ میرے پہلے ناخن کا رنگ اور ساخت اتنی اچھی نہ تھی لیکن جب نیا ناخن نکلا تو وہ بہت ہی خوبصورت تھا جس کی وجہ سے میرے پاؤں کی خوبصورتی میں مزید اضافہ ہوگیا۔ انشاءاللہ جو بھی استعمال کرے گا اسے ضرور فائدہ ہوگا۔ (ش، لاہور)

# اپنے سر پر اگائیں نئے بال!

سر پر جہاں گنجاپن ہو وہاں پر دھنیا کا رس لگانے سے سر کے بال آہستہ آہستہ اگنا شروع ہو جاتے ہے۔

facebook.com/ubqan
twitter.com/ubqan www.ubqan.org

# معدے کے السر کا ٹھنڈا علاج

دودھ کو بغیر شکر کے سبز الائچی ڈال کر اُبال لیں اور فریزر میں ٹھنڈا کرلیں' اتنا ٹھنڈا کرلیں کہ برف بننے والا ہو، روزانہ ایک گلاس پئیں، معدے کی تیزابیت، السر اور معدے کی جلن دور ہوجائے گی۔

2014 صفحہ 45

acebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org

# ٹھہریں! تربوز کے فائدے سنتے جائیں!

- تربوز قبض کے مریضوں کیلئے بہت مفید ہے۔
- گرمی کی شدت اور لُو کے اثرات سے محفوظ رکھتا ہے۔
- معدے کی سوزش اور پیشاب کی جلن کو ختم کرتا ہے۔
- تربوز نہ صرف پیاس بجھاتا ہے بلکہ جسم کو توانائی اور فرحت بھی بخشتا ہے۔
- تربوز پیشاب آور ہے چنانچہ یہ گردے اور مثانے میں پتھری بننے کے عمل کو روکتا ہے۔
- تربوز کو اگر صبح نہار منہ استعمال کیا جائے تو جسم کو پورے دن جو پانی کی ضرورت ہوتی ہے اس سے پوری کی جاسکتی ہے۔
- تربوز میں گلوکوز وافر مقدار میں ہوتا ہے۔ اس لیے پانی میں گلوکوز پوڈر ڈال کر پینے سے بہتر ہے کہ تربوز کو استعمال کیا جائے۔
- ہائی بلڈ پریشر کی صورت میں تربوز کھانے سے پیشاب زیادہ مقدار میں آتا ہے اسطرح بلڈ پریشر کم ہو جاتا ہے جبکہ لو بلڈ پریشر میں دل کو فرحت بخشتا ہے اور توانائی کے لیے گلوکوز فراہم کرتا ہے۔
- تربوز کھانے کے بعد معمولی سا نمک انگلی پر لگا کر چاٹ لیا جائے تو تربوز پیٹ میں پانی بن جاتا ہے اور پیٹ میں بھاری پن محسوس نہیں ہوتا۔

ماہنامہ عبقری میگزین اپریل 2008ء صفحہ 30

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org

# صرف چند قطرے اور کان کے امراض سے چھٹکارا

بندہ کو چند سال سے کان کی تکلیف تھی۔ کان گیلا رہتا تھا اور میٹھی درد یا کھجلی ہوتی تھی جو کہ گھبراہٹ کا باعث بنتی تھی بہت سی کھانے والی اور کان میں ڈالنے والی دوائیں استعمال کیں فائدہ نہ ہوا۔ ایلوپیتھی اور یونانی قطروں کی دوائیں بھی لیں لیکن فائدہ نہ ہوا۔ میرے ایک عزیز نے کلونجی کے تیل کو دو ٹائم استعمال کرنے کی رائے دی۔ میں نے نیم گرم کلونجی کے تیل کے 2،2 قطرے صبح وشام کان میں ڈالنا شروع کر دیئے اور بیرون کن پٹی پر بھی اس تیل سے 5 منٹ مالش کرتا تھا، الحمدللہ اس سے مجھے کان کی تکلیف سے چھٹکارا مل گیا اور سماعت کی کمی بھی دور ہوگئی۔ (م،ق)

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور بھر فائدے ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہے۔

ماہنامہ عبقری [illegible] 2007 صفحہ 10

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari www.ubqari.org contact@ubqari.org

# شوگر کے مرض کا آسان اور سستا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! آج سے 30 سال پہلے میرے والد صاحب ایک ایک سفر پر میر پور خاص گئے وہاں ایک ریٹائرڈ DSP سے ملاقات ہوئی، باتوں باتوں میں انہوں نے اپنے والد صاحب کا ایک آزمودہ نسخہ بتایا جو وہ شوگر کے لیے خود بھی استعمال کرتے تھے۔ ان کے والد صاحب کو کبھی کسی نے شوگر کی دوائی لیتے ہوئے نہیں دیکھا تھا۔ وہ یہی آسان سا نسخہ استعمال کرتے تھے۔

ھوالشافی: بھوسا، پنجابی میں جسے توڑی کہتے ہیں جو بھینس اور گائے وغیرہ کو بطور چارہ کھلاتے ہیں۔ ایک چٹکی بھر (بھوسا) لے کر مٹی کے برتن میں تھوڑا پانی ڈال کر رات کو بھگو دیں اور صبح چھان کر نہار منہ پی لیں۔ ایک ہفتہ بعد شوگر ٹیسٹ کروائیں ان شاء اللہ بہت فائدہ ہوگا۔ بہت ہی لاجواب نسخہ ہے۔ والد صاحب نے جس کسی کو بھی بتایا بہت فائدہ ہوا۔ ایک عزیزہ کے بچے کو 500 تک شوگر تھی، اس کو بھی یہی نسخہ استعمال کروایا، اس کی شوگر چند دنوں میں کم ہو کر 250 تک رہ گئی۔ (م، ا، کراچی)

2009 ... 35

contact@ubqari.org

# گوری رنگت کے شیدائی متوجہ ہوں!

روزانہ دو چمچ دودھ میں آدھے لیموں کا رس نچوڑ کر چہرے، ہاتھوں اور بازو پر ملیئے، پندرہ منٹ بعد چہرہ دھولیں، رنگت نکھر آئے گی۔ ایک گلاس گاجر یا کینو کا جوس بھی روزانہ پیا کریں۔

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# ایک چٹکی دوا اور ہچکی ختم!

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! میں پیشے کے اعتبار سے ڈاکٹر ہوں میرے پاس ہچکی کیلئے ایک نہایت آزمودہ ٹوٹکہ ہے جو قارئین کی نذر کر رہا ہوں۔

ھوالشافی: ریش ناریل (ناریل کے اوپر کے بال) لے کر توے پر جلالیں اچھی طرح جل جائیں تو دوائے ہچکی تیار ہے بس چٹکی بھر لے کر ہچکی والے کو چٹا دیں۔ان شاء اللہ افاقہ ہوگا۔ (ایک ماشہ ہرا دھنیا تازہ پانی کھلانا مفید ہے)۔

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari www.ubqari.org

ماہنامہ عبقری ستمبر 2012، صفحہ 34

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور ہمارے ساتھ ضرور شیئر کریں
تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہے۔ contact@ubqari.org

عبقری

# ہر طرح کے سردرد سے نجات کا انوکھا ٹوٹکہ!

ہر طرح کا سردرد، لو لگنے سے سردرد ہو تو پیاز کو پیس کر پاؤں کے تلوؤں پر لیپ کرنے سے درد ختم ہوجاتا ہے۔ پیاز کو کاٹ کر سونگھنے سے بھی سردرد ختم ہوتا ہے۔

# تبخیر معدہ اور بچش کیلئے آزمودہ

محترم حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! آپ کا شائع کردہ رسالہ ماہنامہ عبقری تقریباً عرصہ چار سال سے پڑھ رہا ہوں' آپ بہت احسن طریقے سے لوگوں کی رہنمائی فرما رہے ہیں' اللہ پاک آپ کو لمبی عمر عطا فرمائے۔ آمین! قارئین کیلئے ایک نسخہ تحریر کر رہا ہوں۔ تبخیر معدہ اور پیچش کیلئے: ھوالشافی: انار دانہ' چھلکا اسپغول' زیرہ' طباشیر' سونف تمام چیزیں ہم وزن لے کر سفوف بنا کر صبح خالی پیٹ شربت انجبار کے ساتھ لیں۔ (محمد عاطف' مظفر گڑھ) (عبقری میگزین فروری 2015 صفحہ 31)

بے شمار لوگوں نے آزمایا، آپ بھی آزمائیں اور پھر فائدے ضرور لکھیں

تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ contact@ubqari.org

www.ubqari.org

twitter.com/ubqari facebook.com/ubqari

youtube.com/UbqariTasbeehKhana

# حافظہ، نظر اور دائمی نزلہ وزکام کیلئے نسخہ اکسیر

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! میرے پاس ایک آزمودہ نسخہ ہے۔ اس نسخے کے بہت سے فائدے ہیں۔ یہ نسخہ حافظہ کی کمزوری، کم سنائی دینا اور اس کے علاوہ دائمی نزلہ وزکام کو ختم کرتا ہے۔ حافظہ کو تقویت دیتا ہے۔ نگاہ کو تیز کرتا ہے پرانے سر درد کیلئے مفید ہے۔ کھانسی اور ڈسٹ الرجی میں مفید پایا گیا ہے۔ یہ نسخہ ہر موسم اور ہر عمر کے لوگ استعمال کرسکتے ہیں۔ نسخہ یہ ہے۔ ھوالشافی: کالی مرچ پندرہ گرام، سونف تیس گرام، مغز اخروٹ پچاس گرام، مغز پستہ سو گرام، مغز بادام سو گرام، مصری تین سو گرام۔ یہ تمام چیزیں کوٹ کر سفوف بنائیں اور چھان لیں۔ خوراک: صبح نہار منہ ایک چمچہ (دس گرام) پانی یا دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ (محمد ف س، کوٹ ادو)

عبقری میگزین
اگست 2016، صفحہ 7

# ناف اور جگر کی گرمی کیلئے لاجواب نسخہ

میں عبقری میگزین کا قاری ہوں، اس جیسا شاندار میگزین آج تک نہیں دیکھا۔ قارئین کیلئے ایک لاجواب نسخہ بھیج رہا ہوں اسے عبقری میگزین میں شائع کردیں۔ سونف دیسی اجوائن میٹھا سوڈا انار دانہ چھ چھ ماشہ، کالا نمک ایک ایک چھٹانک لیں۔ مندرجہ بالا سب چیزیں باریک پیس کر پھکی بنالیں۔ صبح نہار منہ ایک چمچ پانی کے ساتھ لیں۔ گرمی جگر اور ناف کیلئے اکسیر نسخہ ہے۔ (ع، ب، اٹک)

facebook.com/ubqan
twitter.com/ubqan www.ubqan.org

# لو بلڈ پریشر کا کامیاب علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری میگزین اور آپ کی کتب سے خوب مستفید ہوتی ہوں۔ کتب میں خاص طور پر ''مجھے شفاء کیسے ملی؟'' جو میں نے دفتر ماہنامہ عبقری سے خریدی تھی۔ اس نے میرا سب سے بڑا مسئلہ حل کر دیا۔ مجھے لو بلڈ پریشر کا مرض تھا' جس نے میرا جینا اجیرن کر دیا تھا۔ اس میں سے ایک نسخہ استعمال کیا تو سو فیصد فائدہ ہوا۔ نسخہ یہ ہے:۔ ایک کپ گرم پانی میں ایک لیموں کا رس اور دو چائے کے چمچ شہد اور ایک چٹکی پسی ہوئی لونگ ملا کر گھونٹ گھونٹ پیتا ہے۔ بے مثال نسخہ ہے۔ (ا،س،ا،لک)

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور مجرب ہو تو ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے- contact@ubqari.org

# کھٹا دہی منٹوں میں میٹھا!

ایک برتن میں ململ کا کپڑا بچھا کر کھٹا دہی اس میں ڈال دیں پھر کپڑا اٹھا کر دہی ہلکا ہلکا دباتے جائیں جب دہی کا کھٹا پانی نکل جائے تو کسی برتن میں نکال لیں۔ اس میں تھوڑا سا دودھ ڈالیں اور چمچ سے ہلائیں دہی پھر سے میٹھا ہو جائے گا۔ (م،ا، ساہیوال)

ماہنامہ عبقری اگست 2016ء صفحہ 46



www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
عبقری

# اُلٹے پاؤں چلیں اور اپنی سب سے بڑی پریشانی بھگائیں!

اگر کان میں پانی چلا جائے تو کوئی دوا ہرگز استعمال نہ کریں بلکہ اُلٹے پاؤں چلیں، کان سے پانی نکل جائے گا۔ (بشیر شاہ والا)

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# سخت سے سخت قبض کیلئے آزمودہ ٹوٹکہ

سخت سے سخت قبض کیلئے یہ ٹوٹکہ بہت لاجواب ہے۔ھوالشافی: ثابت اسپغول' سرسوں کے بیج ایک ایک چائے کا چمچ اور ایک چٹکی کلونجی، کھانے سے پہلے دن میں دو دفعہ پانی کیساتھ کھائیں۔ان شاء اللہ صرف چند یوم ہی استعمال کرنے سے سخت سے سخت قبض کا خاتمہ ہوجائیگا۔بہت مجرب اور آزمایا ہوا ہے۔(م،ا)

عبقری میگزین ستمبر 2012، صفحہ 6

contact@ubqari.org

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

# کیا آپ کمر درد سے نجات چاہتے ہیں؟؟؟

ایک چمچ لیموں کا رس، ایک چمچ لہسن کا رس، دو چمچ پانی، ان سب کو باہم ملا کر پئیں۔ ایسی ایک خوراک صبح اور ایک شام کو ضرور پیا کریں۔ اس نسخے سے کمر درد ٹھیک ہو جائے گا۔

عبقری
facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org



# موٹاپے کیلئے نہایت آزمودہ نسخہ

## اس نسخے سے موٹاپا ایسے دور ہو جیسے پانی سے پیاس

میتھرے کے بیج (جو اچار میں ڈالتے ہیں)، کلونجی، سبز چائے، چھلکا اسپغول ہموزن باریک کر کے آدھی چمچ دوائی دن میں 4 بار پانی کے ہمراہ چند ماہ استعمال کریں۔ موٹاپے کیلئے یہ نسخہ کمال کی چیز ہے۔ اس کے علاوہ جوڑوں کے درد، جسمانی درد اور جسمانی کمزوری کیلئے یہ نسخہ بہترین ٹانک ہے۔ بواسیر کے مریضوں کیلئے بھی مفید ہے اور دائمی نزلہ، زکام کیلئے تو یہ نسخہ بہت لاجواب ہے۔

ماہنامہ عبقری فروری 2008 صفحہ 6

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org

# ایک چمچ سنگھاڑے کا آٹا اور شوگر نارمل

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! میری لیڈی ڈاکٹر مسز سرفراز (ایم بی بی ایس) جو کہ میرے بیٹے کی سسرالی رشتہ دار ہیں، سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے بتایا کہ ان کے پاس شوگر کے مریض آتے ہیں ان میں سے ایک مریض جس کی شوگر 400 تک ہوگئی تھی اس نے بتایا کہ اس کی شوگر صرف صبح کے وقت ایک چمچ سنگھاڑے کا آٹا دودھ کے ساتھ استعمال کرنے سے بتدریج کم ہوگئی۔ یعنی 400 سے 300 اور پھر 300 سے 200 حتیٰ کہ صحیح حالت پر آگئی۔ (خواتین کے پوشیدہ امراض کیلئے بھی یہ ٹوٹکا لاجواب ہے)۔ (س، ج، راولپنڈی) عبقری میگزین جنوری 2011ء صفحہ 28


یہ عام لوگوں سے تجربہ شدہ آپ بھی آزمائیں اور فائدہ ہو تو ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہے contact@ubqari.org

www.ubqari.org youtube.com/UbqariTasbeehKhana /ubqari

عبقری

# پرانے زخموں کیلئے آزمودہ لیپ



زیتون کا تیل 200 گرام، شہد 200 گرام، کلونجی 50 گرام

تیل اور شہد کو مکس کرلیں پھر پسی ہوئی کلونجی کو اس میں شامل کرکے

مرہم بنالیں یہ مرہم پرانے سے پرانے زخم اور خاص طور پر شوگر کے

زخموں کیلئے مفید ہے۔

بحوالہ ماہنامہ
[illegible] مجرب

Follow Us facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# صرف ایک پھل کھا کر آپ دانوں سے چھٹکارا پا سکتے ہیں!

عبقری کے قارئین کیلئے ایک آزمودہ ٹوٹکہ حاضر ہے۔ ایسی خواتین اور مرد جن کے چہرے پر بہت موٹے پیپ والے دانے نکلتے ہیں اور وہ مہنگے مہنگے علاج کروا کر تھک گئے ہوں لیکن دانے ہیں کہ کم ہونے کا نام نہیں لے رہے' ایسے خواتین اور حضرات کیلئے ایک بہت ہی لاجواب ٹوٹکہ حاضر خدمت ہے:۔ آپ روزانہ 3،4 کینو کھائیں۔ ایک ہفتے میں دانے کم ہونے لگیں گے اور پھر نکلنا بند ہو جائیں گے۔ نہایت ہی سادہ اور سستا ٹوٹکہ ہے۔ یہ ٹوٹکہ میں نے کئی خواتین و حضرات کو دیا اللہ نے سب کو صحت دی آپ بھی آزمائیں اور دعائیں دیں۔ (ن،م)

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org
contact@ubqari.org



# دمہ کیلئے خاص الخاص نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم! میرے پاس دمہ کیلئے خاص الخاص نسخہ ہے یہ مجھے کسی سے ملا تو میں نے جس کو بھی استعمال کروایا کامیاب پایا۔ آپ اسے عبقری میگزین میں چھاپ کر مخلوق خدا کیلئے عام کردیں۔

نسخہ: ادرک ایک پاؤ، پانی ایک پاؤ، اجوائن ایک چٹکی، شہد اصلی آدھا کلو۔

سب سے پہلے ادرک چھیل کر باریک پیس لیں اور ایک پاؤ پانی میں پکانا شروع کردیں کچھ دیر بعد باقی اشیاء بھی ڈال دیں۔ جب معجون کی طرح گاڑھا ہوجائے تو اتار لیں۔ خوراک دو چائے کے چمچ صبح اور دو رات کو لیں اس سے بلغم خارج ہوگا اور سینہ صاف ہوجائیگا۔ نوٹ: اس نسخے کو استعمال کرتے ہوئے کوئی دوسری دوا استعمال نہ کریں۔ (م، ا، وہاڑی)

ماہنامہ عبقری میگزین مئی 2009ء صفحہ نمبر 13

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
www.ubqari.org
contact@ubqari.org

# کسی بھی قسم کا بخار نزدیک نہیں آئیگا!

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! ایک نہایت لاجواب ٹوٹکہ عبقری قارئین کو ہدیہ کر رہا ہوں۔ ایک چمچ ساگودانہ گرم دودھ میں ڈال کر ڈھانپ دیں۔ 15 منٹ بعد چمچ سے ہلا کر پی لیں کسی قسم کا بخار قریب نہیں آئیگا۔ (م، ا، لاہور)

contact@ubqari.org
www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

# ذہین بننے کیلئے صرف چند دانے کھائیں!

حافظے کو بہترین بنانے کیلئے نہار منہ ایک چٹکی کلونجی (کم از کم گیارہ دانے) روزانہ کھائیں، حافظہ لاجواب ہو جائے گا۔

ماہنامہ عبقری جنوری 2014ء ص 27

Follow Us facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

عبقری

# والدین یہ ٹوٹکہ ضرور پڑھیں!

اگر کوئی بچہ لوہے کی سوئی یا پھر کوئی باریک چیز نگل جائے تو اس کو فوراً زیادہ سے زیادہ کیلے کھلانا مفید ہے اس سے معدہ میں زخم ہونے سے انسان بچ جاتا ہے۔ بعدازاں ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari
ماہنامہ عبقری میگزین جون 2016ء صفحہ 8

بے شمار دوستوں سے آزمودہ آپ کی زندگی کا اور تجربہ خود سے ضرور لکھیں
تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ contact@ubqari.org

# سالہا سال پرانا درد 3 دن میں ختم

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! ایک ٹوٹکہ عبقری قارئین کیلئے بھیج رہا ہوں اگر کسی کو فائدہ ہو جائے تو صدقہ جاریہ ہے۔ سالہا سال پرانا درد ہو (زخم نہ ہو)۔ دودھ آگ پر رکھیں اور اس میں اتنی مقدار میں نمک ڈالیں کہ وہ دودھ پھٹ جائے دہی سا بن جائے دو تین دفعہ درد والی جگہ پر رکھ کر باندھ دیں ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ نہایت آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔ (ج،ک)

# کمر درد کی اب چھٹی!

میرے پاس کمر درد کے مریضوں کیلئے ایک نہایت آسان نسخہ ہے جو میں قارئین کیلئے لکھ رہا ہوں۔ اسے عبقری میگزین میں شائع کر دیں تاکہ میرے لیے صدقہ جاریہ بنے۔

ھوالشافی: کیکر کے پتے جو نئے نکلتے ہیں ان کو توڑ کر چھاؤں میں خشک کرلیں پھر ان کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور ایک چمچ پانی کے ساتھ لیں۔ کمر درد کے مریضوں کے لیے بہت ہی فائدہ مند ہے۔ (غ،م، مظفرگڑھ)

# آم کھانے کے شوقین ذرا ٹھہریں!


www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari


2016ء 47

اگر آم کھانے کے بعد تھوڑے سے جامن کھالیے جائیں تو آم کی گرمی زائل ہوجاتی ہے اور آم فوری ہضم ہوجاتا ہے۔

# وزن بڑھانا اور گھٹانا اب کوئی مسئلہ نہیں!

اگر وزن زیادہ کرنا ہوں تو روزانہ کم از کم چھ کیلے کھائیں اور اوپر سے نیم گرم دودھ پئیں ملک شیک ہرگز نہیں پینا اور اگر وزن کم کرنا ہوں تو اس کیلئے ایک چمچ شہد ایک گلاس نیم گرم پانی میں ڈال کر نہار منہ استعمال کریں۔

# اب درد قریب نہیں آئے گا!

میری عبقری کے قارئین کیلئے ایک آزمودہ ٹوٹکہ بھیج رہا ہوں، ضرور کریں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔ بدن کی دردوں، ٹانگوں اور گھٹنوں کے درد سے نجات کیلئے انڈیا کی ہلدی (جو صرف انڈیا کی ہو وہ عام پنساری کی دکان سے مل جاتی ہے) پیس کر کیپسول بھر لیں، ایک کیپسول صبح وشام پانی کے ساتھ لیں۔

بہت لاجواب ٹوٹکہ ہے۔ میں نے اپنے بیٹے اور بہت سے لوگوں کو استعمال کروایا اور بہت مفید پایا۔ (م، پ)

# سستا ترین طاقت ور ٹانک!

مونگ پھلی کے ساتھ گڑ کھانا کمزوری دور کرنے کیلئے بہت لاجواب ہے۔ جسمانی دردوں، طاقت کیلئے یا ایسے افراد جن کو سردی بہت زیادہ لگتی ہو ان کیلئے بہترین ٹانک ہے۔

facebook.com/ubqari contact@ubqari.org
twitter.com/ubqari www.ubqari.org



# ہڈیوں کے فریکچر کیلئے ناقابل یقین نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! امید ہے کہ آپ اور میرے پیارے ماہنامہ "عبقری" کا پورا اسٹاف خیریت سے ہوگا۔ میں ایک نسخہ بھیج رہا ہوں جو کہ ایک بزرگ سے ملا ہے۔ ان کا سعودی عرب میں پسلی کا فریکچر ہو گیا تھا۔ انگلش میڈیسن وغیرہ سے مایوس ہو کر ایک مقامی طبیب سے یہ نسخہ لیا اور حیرت انگیز طور پر دو ہی دنوں میں غسل صحت کر لیا۔ تین دیسی انڈوں کی زردی نکال لیں اور اچار میں ڈالنے والے میتھرے ہموزن لے کر دونوں کو کوٹ کر مرہم بنالیں اور متاثرہ جگہ پر لیپ کر کے اوپر پٹی باندھیں۔ افاقہ ہونے تک روزانہ نمک ملے نیم گرم پانی سے متاثرہ جگہ کی صفائی کر کے پٹی بدلیں۔ (م،ر)

# ایک چٹکی ہلدی اور خونی بواسیر

خونی بواسیر کے لیے ثابت ہلدی لیکر اسے موٹا موٹا پیس لیں۔
صبح نہار منہ ایک چٹکی تازہ پانی کے ساتھ کھائیں۔ آدھے گھنٹے
کے بعد ناشتہ کریں۔ 7 دن میں تکلیف رفع ہو جائے گی۔

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# صرف دو اجزاء اور ہر بیماری کا علاج



محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! ہم آپ کا رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ اس رسالے نے ہمارے بہت سے مسائل دنوں میں حل کر دیے ہیں۔ میں نے آپ کی ایک کتاب "شہد کے کرشمات" دفتر ماہنامہ عبقری سے خریدی ہے اور اس میں سے خود سے یہ نسخہ استعمال کیا جس کا بہت زیادہ فائدہ ہوا جو میں قارئین کی نذر کرنا چاہتی ہوں۔ ہوالشافی: شہد اور دارچینی ہم وزن مکس کر لیں۔ صبح و شام ایک ایک چمچ کھائیں۔ نظر، پیٹ کا السر، پٹھوں کیلئے اتنا سستا اور کامیاب نسخہ کبھی نہیں ہوگا۔ الحمدللہ اب ہمیں ڈاکٹری دوائی کی ضرورت ہی نہیں پڑتی۔ (ش، ن)

# چھوٹے قد سے پریشان ہو جائیں حیران!!

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! آپ پر اللہ پاک کی کروڑوں رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں۔ اللہ پاک میرے مرشد کو، ان کی نسلوں کو اور ان کے مخلصین کو ہمیشہ شاد و آباد رکھے۔ (آمین)۔ محترم حضرت حکیم صاحب! قد بڑھنے کا یہ بہت آزمودہ عمل ہے میری امی نے جس کسی کو دیا خاطر خواہ فائدہ ہوا۔ ھوالشافی: طاق اعداد میں کھجور لے کر اس کی گٹھلی نکال کر جتنا دودھ آپ آرام سے پی سکیں (ایک گلاس دودھ میں گیارہ کھجوریں لگتی ہیں) ان کھجوروں کو دودھ میں گرائنڈ کر کے شیک بنائیں۔ صبح ناشتے سے پہلے اور شام کو بنا کر پئیں۔ ان شاء اللہ ایک ماہ میں ہی فرق نظر آئے گا۔ (ام، لاہور)

عبقری میگزین ستمبر 2016، صفحہ 46

contact@ubqari.org

facebook.com/ubqari

twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# فوڈ پوائزن کا شکار لیں آزمودہ ٹوٹکہ!

اگر کسی کو فوڈ پوائزن ہو جائے تو ایک چمچ پیاز کا رس پی لیں اس سے ان شاء اللہ معدہ ٹھیک ہو جائے گا۔

ماہنامہ عبقری میگزین مئی 2013ء صفحہ 42

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# پیشاب کی جلن کی کیلئے آزمودہ نسخہ!

پانچ عدد بادام کی گریاں بھگو کر، چھیل کر،
ان میں سات عدد چھوٹی الائچیاں اور
حسب ذائقہ مصری ملا کر پیس کر ایک گلاس
پانی میں گھول کر صبح اور شام کو پیا کریں۔
اس سے پیشاب کی جلن میں افاقہ ہوتا حاصل ہوتا ہے۔

Follow Us facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# لوز موشن کیلئے چھوٹا سا مگر تیر بہدف ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس لوز موشن کیلئے ایک آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔ ایک پاؤ دہی میں ایک چمچ سرکہ ڈال کر رکھ دیں' تھوڑے تھوڑے وقفے سے ایک چمچ کھا لیں تو لوز موشن جس میں انسان نڈھال ہو جاتا ہے اور کسی بھی چیز سے فرق نہ پڑ رہا ہو تو لوز موشن ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ بہت تیر بہدف ٹوٹکہ ہے' ہمارے خاندان کا آزمودہ ہے۔ آزمائیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔ (ص، ا)

# ٹھنڈی ہوائیں، کپکپاتا جسم اور آسان گھریلو ٹوٹکہ

ٹھنڈی ہوا میں گھومنے کے باعث اگر سردی لگ جائے اور سر میں درد ہو تو ناک، کان، ناف اور تلوؤں پر نیم گرم سرسوں کا تیل لگائیں۔

# ہائی بلڈ پریشر کیلئے ٹافی

انار دانہ اور براؤن شکر ہموزن لیکر پیس کر ملالیں پھر تھوڑا پانی چھڑک کر عام سائز کی ٹافیاں بنالیں‘ ان ٹافیوں کو اکثر و بیشتر چوستے رہیں بلڈ پریشر ہائی نہیں ہوگا۔ نارمل رہے گا۔ بہت آزمودہ ہے۔ (س، ع‘ راولپنڈی)

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# بیسن کے مزیدار لڈو
# اچھی بنائیں، اچھی کھائیں!

محترم حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! میں اکثر گھر میں ایک سویٹ ڈش بناتی ہوں یہ بہت اچھی بیسن کی مٹھائی ہے اور ہر کوئی اپنے گھر میں اسے بنا سکتا ہے۔ ایک تو یہ جلدی بن جاتی ہے اور دوسرا مزیدار بھی بہت ہوتی ہے۔

اشیاء: بیسن ڈیڑھ کپ، انڈے تین عدد، گھی ڈیڑھ کپ، ناریل دو کپ (ناریل کرش شدہ۔ یعنی سوئیوں کی طرح سب کٹا ہو) گھی حسب ضرورت، بادام پستہ وغیرہ (گارنشنگ کیلئے)۔ ترکیب: بیسن کو گھی میں بھون لیں انڈے اور چینی پھینٹ لیں (چاہے تو گرینڈر میں ڈال کر گرینڈ کرلیں) جب بیسن خوشبو دینے لگے تو پھینٹے ہوئے انڈے اور چینی آہستہ آہستہ ڈالیں اور چمچ چلاتے جائیں۔ پھر کھوپرا اور بادام بھی کتر کر ڈال دیں۔ جب سب چیزیں بھن جائیں تو کسی ٹرے میں جما کر چاندی کے ورق لگادیں اور ٹکڑیاں کاٹ لیں یا ہاتھ سے لڈو بنا کر رکھ دیں۔ گرم گرم یا دونوں طرح پیش کیا جاسکتا ہے۔ نوٹ: ناریل کے پیکٹ بازار میں عام مل جاتے ہیں، ایک زیادہ پسا ہوا ہوگا لیکن دوسرا کرش شدہ سوئیوں کی طرح ہوگا وہ بہتر ہوگا۔ (ف، لاہور) (ماہنامہ عبقری میگزین فروری 2015ء صفحہ 36)

www.ubqari.org youtube.com/Ubqari/TasbeehKhana ubqari

# پیپ پڑنے کا آزمودہ علاج

انگلی یا جسم کے کسی حصہ میں پیپ پڑ جائے تو اس کیلئے ایک تولہ گندم لیکر اس کو پیس کر بکری کے دودھ میں کھیر بنا کر (نیم گرم)، پیپ پر باندھ دیں۔ پیپ خود بخود نکل کر زخم صاف ہو جائیگا' اگر بکری کا دودھ نہ ملے تو گائے کا دودھ استعمال کر لیں۔ (م،ا، ایبٹ آباد)

# جناب! یہ سیب کوئی معمولی چیز نہیں۔۔۔

روزانہ نہار منہ تین چار سیب جو عمدہ پکے ہوں کھا کر اوپر سے دودھ پیا جائے تو ایک سے دو مہینے میں صحت قابل رشک بن جاتی ہے۔ اعضائے رئیسہ کی تمام کمزوریاں دور ہو کر ان میں ایک نئی زندگی کی روح سرایت کرنے لگتی ہے۔ سیب ہاضمے میں مدد دیتا ہے۔ خالی معدہ سیب کھانا بھوک بڑھاتا ہے۔ رات کو سوتے وقت اور صبح نہار منہ چار سیب کھانا قبض کشا اثر رکھتا ہے اور اس کے معدہ و جگر کا فعل بھی تیز ہو جاتا ہے اور خون کی پیدائش کا عمل بڑھ جاتا ہے۔ لیکن کمزوری معدہ و جگر کو دور کرنے کیلئے میٹھے سیب کی بجائے کھٹا سیب زیادہ مفید ہے چونکہ سیب میں فاسفورس کا جزو پایا جاتا ہے جو دماغ، رگوں اور ہڈیوں کو مضبوط بناتا ہے۔ اس لئے دماغی کام کرنے والے اصحاب کے لئے سیب ایک نعمت خداداد ہے۔ اس میں فولاد بھی کافی پایا جاتا ہے جس کی وجہ سے یہ خون کے سرخ ذرات میں اضافہ کرتا ہے اور بدن کو سرخ وشاداب بنا دیتا ہے۔ یک عدد سیب چاقو سے چھیل کر نمک لگا کر نہار منہ نوش فرما لیا کریں۔ تین چار یوم کے استعمال سے دردسر جاتا رہتا ہے۔ کچے سیب کا پانی نچوڑ کر قدرے نمک ملا کر پلائیں، اسی وقت قے بند ہو کر مریض کو شفاء حاصل ہوگی۔ خوبصورتی چاہنے والے نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کیلئے اس سے بڑھ کر اور کوئی دوا نہیں کیونکہ اس کا باقاعدہ استعمال رخساروں پر سرخی لاتا ہے۔ ماہنامہ عبقری ستمبر 2015 صفحہ 12

# چقندر کے حیرت انگیز فوائد!

سردیوں کے موسم میں چقندر ضرور پکانے چاہئیں۔ چقندر خون کی کمی کو دور کرتا ہے۔ تازہ خون بناتا ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔ جن خواتین کے چہرے پر کیل مہاسے بہت نکلتے ہوں ان کیلئے مفید ہے۔ گومڑیاں رسولیاں بھی اس سے دور ہوتی ہیں۔ یہاں تک کہ لیوکیمیا جیسے موذی مرض میں کچے چقندر کدوکش کرکے کھانا مفید ثابت ہوتا ہے۔ جن خواتین کو ایام کی خرابی کی شکایت ہو ان کو چقندر کھانے چاہئیں۔ چقندر کے پتوں میں غذائی اجزا زیادہ ہوتے ہیں۔ پالک سے زیادہ فولاد اور دیگر غذائی اجزاء چقندر کے اوپری حصہ میں پائے جاتے ہیں۔ جن لوگوں کو پتھری کی شکایت ہو انہیں زیادہ مقدار میں چقندر یا اس کے پتے نہیں کھانے چاہئیں اس میں اوگزیلک ایسڈ زیادہ ہوتا ہے۔ (عبقری میگزین دسمبر 2010ء صفحہ 09)

# غسل کریں اور لاجواب نیند پائیں!

اگر آپ کو بے خوابی کی شکایت ہو تو سونے سے ایک ڈیڑھ گھنٹہ پہلے نیم گرم پانی سے غسل کر لے۔ نہایت پرسکون نیند آئیگی۔

{ماہنامہ عبقری اگست 2010ء صفحہ 37}

www.ubqari.org
twitter.com/ubqari facebook.com/ubqari
youtube.com/UbqariTasbeehKhana
عبقری

# بلڈ پریشر، کولیسٹرول اور شوگر کے مریضوں کیلئے مزیدار چٹنی!

پودینہ، ادرک اور انار دانے کو ملا کر کوٹ کر اس کی چٹنی بنا کر دوپہر کے کھانے میں استعمال کریں، بلڈ پریشر، کولیسٹرول اور شوگر کیلئے نہایت مفید ہے۔

# اگر قے آرہی ہو تو۔۔۔

خشک دھنیا کے تین چار دانے چبانے سے قے نہیں آتی' سبز دھنیا کے چند پتے چبانے سے بھی الٹی (قے) رک جاتی ہے۔



ماہنامہ عبقری ستمبر 2009ء صفحہ 22

www.ubqari.org

twitter.com/ubqari facebook.com/ubqari

youtube.com/UbqariTasbeehKhana

عبقری

# پیشاب کی جلن کا بہت آسان علاج

پیشاب کی جلن کو دور کرنے کے لئے صبح ناشتے سے ایک گھنٹہ پہلے اجوائن خراسانی کا سفوف ایک چمچہ چائے والا ہمراہ پانی کے ساتھ روزانہ دن میں ایک مرتبہ استعمال کریں پیشاب کی جلن کیلئے بہت بہترین ہے جب تک تکلیف دور نہیں ہوتی تب تک استعمال کریں۔

بحوالہ ماہنامہ
عبقری میگزین


عبقری
facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# نیند نہ آتی ہو تو فروٹ چاٹ کھائیں!

جس کو نیند نہ آنے کی شکایت ہو تو وہ شام کے وقت روزانہ فروٹ چاٹ کھائے، ان شاء اللہ نیند نہ آنے کی شکایت دور ہو جائے گی۔ (ر۔ خیرپور)

یہ ٹوٹکا برسوں سے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور ہمیں تجربہ ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ contact@ubqari.org

(عبقری میگزین اپریل 2015، صفحہ 15)

www.ubqari.org
facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari

# 10 منٹ کھلی فضا میں سانس لیں اور لاعلاج امراض سے نجات پائیں!

السلام علیکم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم! میں ماہنامہ "عبقری" بڑے شوق سے پڑھتا ہوں، میں عبقری کے قارئین کیلئے اپنا ایک آزمودہ ٹوٹکہ بھیج رہا ہوں جو کہ نہایت آسان ہے۔ جس کسی کے خون میں نقص رہتا ہو، خارش، پھوڑے، پھنسی، چہرے پر دانے، خون میں خرابی وغیرہ ہو اس کیلئے یہ ٹوٹکہ لاجواب ہے۔ ٹوٹکہ: زبان اوپر کے دانتوں کی تہہ میں لگا کر منہ بند کرکے ناک کے نتھنوں سے لمبا سانس لیں۔ سانس کچھ دیر اندر روکیں جب سانس ٹوٹنے لگے تو نتھنوں سے سانس تیزی سے خارج کر دیں۔ روزانہ کھلی فضا میں دس منٹ یہ عمل صبح و شام کریں۔ دس دن میں ہر طرح کے خون کی خرابی سے چھٹکارا مل جائے گا۔ مجھے یقین ہے کہ اگر لگاتار عمل کیا جائے تو جذام، کوڑھ اور خون کے کینسر کو بھی شکست دینا مشکل نہ ہوگا۔ (سانس خارج کرتے وقت زبان نیچے کے دانتوں کی تہہ میں لگا دیں منہ بند ہی رہیگا)۔ (ا،م)

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور اپنے فائدے ضرور لکھیں تاکہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari www.ubqari.org
contact@ubqari.org

# گنجے پن اور گرتے بالوں سے پریشان، ضرور پڑھیں!

بعض لوگوں کے بال بہت پتلے ہوتے ہیں اور سر کی جلد نظر آتی ہے ان کیلئے میرا پاس ایک نہایت آزمودہ ٹوٹکہ ہے جو میں عبقری قارئین کی نذر کر رہی ہوں اُمید ہے لوگ اس سے فائدہ اُٹھائیں گے۔

خالص سرسوں کا تیل ایک پاؤ اور بکرے کی کلی (قصاب سے کہہ کر لیں کہ پانی لگا ہوا نہ ہو)۔ اسٹین لیس سٹیل کے برتن میں سرسوں کا تیل ڈال کر اس میں کلی پکنے کیلئے رکھ دیں، آنچ درمیانی رکھیں۔ جب پک کر کلی کا سائز بہت چھوٹا ہو جائے تو اتار لیں، کلی نکال دیں اور تیل ٹھنڈا ہونے پر بوتل میں محفوظ کر لیں۔ روزانہ رات کو سونے سے پہلے بالوں میں اس تیل سے اچھی طرح مساج کریں اور صبح اُٹھ کر بال دھو لیں، بال گھنے ہو جائیں گے، ان شاء اللہ۔ (م، ع)


contact@ubqari.org

facebook.com/ubqari

twitter.com/ubqari

www.ubqari.org

# نزلہ وزکام کیلئے بہترین علاج!

نزلہ زکام، سینے کی تکلیف اور بلغم بننے کی بیماری میں میتھی دانہ کا استعمال ازحد مفید ہے۔ صبح وشام دو چائے کے چمچ ایک کپ پانی میں جوش دے کر شہد سے میٹھا کر کے پی لیں۔ مسلسل استعمال سے دائمی نزلہ بھی ختم ہو جاتا ہے۔ چھوٹے بچوں کو استعمال کرانے سے سارا بلغم نکل جاتا ہے۔

contact@ubqari.org
www.ubqari.org
twitter.com/ubqari facebook.com/ubqari
youtube.com/UbqariTasbeehKhana
عبقری

# چٹکی بھر کلونجی اور معدے کی جلن ختم

صبح نہار منہ اور رات سوتے وقت ایک چٹکی کلونجی پانی کے ساتھ لیں۔ چند دن، چند ہفتے، چند مہینے استعمال کریں، معدے کی جلن ختم ہو جائے گی۔

ماہنامہ عبقری میگزین نومبر 2015

بے شمار لوگوں نے آزمایا آپ بھی آزمائیں اور فائدے
ضرور لکھیں تاکہ آپ بھی صدقہ جاریہ بنے۔

facebook.com/ubqari
contact@ubqari.org
twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# کلونجی کے کرشمات

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم! میں نے آپ کی کتاب "کلونجی کے کرشمات" خریدی اور بہت شوق سے پڑھی اور ان میں موجود نسخوں میں سے اکثر بنائے اور استعمال کیے جن سے مجھے بہت فائدہ ہوا۔ ایک مرتبہ میں نے تیس گرام کلونجی لی اور ان کو بہت باریک کوٹ لیا۔ میں نے یہ سفوف صرف پانچ دن استعمال کیا۔ ان پانچ دنوں میں بہت تندرست رہا میری سالوں کی سستی کاہلی دور ہوگئی صبح کو جب میں اٹھتا تو بالکل فریش ہوتا سارا دن بڑا خوشگوار گزرتا اب یہ نسخہ میرے مستقل استعمال میں ہے جس سے میں ہمیشہ تندرست و توانا رہتا ہوں۔ (س، م)

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari www.ubqari.org

facebook.com/ubqari
twitter.com/ubqari www.ubqari.org

# بکرے کے پاؤں کی موچ کا آسان علاج

بکرے کے پاؤں پر موچ' ورم آجائے یا سوجن ہوجائے تو اس کے پاؤں پر کوئی موٹا کپڑا باندھ دیں۔ مٹکے کا رات والا باسی پانی صبح کے وقت متاثرہ جگہ پر پٹی کھول کر ڈالیں۔ تین چار دن یہ عمل کرنے سے اس کے پاؤں کی سوجن' موچ اور ورم دور ہوجائے گا۔ (ص،ا، جہلم)

contact@ubqari.org

# فٹنس کا شہنشاہ بننے کیلئے ناشپاتی کھائیں!

یہ نظام ہضم کی کارکردگی کو بڑھاتی ہے اور بلڈ پریشر کے ساتھ ساتھ موٹاپے کو بھی کم کرتی ہے۔ ناشپاتی کی شکل دل سے قدرے ملتی جلتی ہے شاید یہی وجہ ہے کہ اسے دل کو تقویت پہنچانے میں بھی مفید قرار دیا گیا ہے۔ مشرق و مغرب کے معالجین کی رائے کے مطابق ناشپاتی معدے، جگر اور دماغ کے لئے مفید ہے۔ اسے کھانے سے معدہ مضبوط ہوتا ہے، خون گاڑھا اور اعضاء کو تقویت ملتی ہے اور قوت ہاضمہ میں اضافہ ہوتا ہے۔ اکثر ماہرین کے مطابق ناشپاتی اپنی ٹھنڈی اور رس دار تاثیر کی بدولت دماغ کو تازگی پہنچانے کیلئے بھی مفید ہے۔ موسم گرما میں دھوپ کی شدت اور چلنے کے باعث اکثر اوقات دل میں گھبراہٹ کا احساس ہوتا ہے، ہاضمہ اکثر اوقات خراب رہتا ہے اور کبھی کبھی مثانے میں سوزش کا بھی احساس ہوتا ہے ان کیفیات میں بھی ناشپاتی کا استعمال موثر سمجھا جاتا ہے۔ دائمی قبض اور نظام ہاضمہ کی شکایت کرنے والے افراد کو بالعموم یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ سہ پہر تین بجے سے شام پانچ بجے کے درمیان ناشپاتی کاٹ کر لیموں اور ہلکا نمک لگا کر مزے دار چاٹ بنا کر کھائی جائے۔ اس چاٹ کے چند روز استعمال سے ہاضمہ کا نظام درست ہو جاتا ہے اس کے علاوہ مثانہ کی گرمی میں بھی یہ چاٹ مفید ثابت ہوتی ہے۔ مغربی ممالک میں جلد کو تر و تازہ اور صحت مند رکھنے کیلئے ناشپاتی کو بہت زبردست ٹانک خیال کیا جاتا ہے۔ خشک اور روکھی پھیکی جلد کی حامل خواتین اسے خاص طور پر استعمال کرتی ہیں۔

ماہنامہ عبقری اگست 2015ء صفحہ 12

# نزلہ زکام صرف 3 چھوہاروں سے دور!

چھوہارہ بلغمی امراض کیلئے نہایت فائدہ مفید ہے۔ نزلہ زکام میں دو تین چھوہارے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے تھوڑے سے پانی میں بھگو دیں جب پھول جائیں تو بمعہ پانی دیگچی میں ڈال دیں اور اس میں ایک پاؤ کے قریب دودھ ڈال کر ہلکی آنچ پر رکھ دیں جب خوب عرق نکل آئے تو اتار لیں۔ نیم گرم ہونے پر چسکی چسکی پی لیں۔ (ن، ا، ایبٹ آباد) (عبقری میگزین نومبر 2010 صفحہ 11)



کیلئے صدقہ جاریہ ہے۔ contact@ubqari.org

www.ubqari.org

twitter.com/ubqari facebook.com/ubqari

youtube.com/UbqariTasbeehKhana

# اگر جانور کو موشن لگ جائیں تو۔۔۔!!!

اگر آپ قربانی کیلئے گھر میں بکرا، بچھڑا یا بھینس وغیرہ لائے ہیں اور اس کی خدمت کرتے ہوئے اسے کچھ الٹا سیدھا کھلا دیا جس کی وجہ سے اسے موشن لگ گئے ہیں تو زیادہ پریشانی کی بات نہیں آپ مکئی کا آٹا لائیں' گوندھ کر بارہ گھنٹے پڑا رہنے دیں۔ اس کے بعد بکرے کو آدھا مکئی کا پیڑا اور بچھڑا یا بھینس کو پورا پیڑا کھلا دیں۔ موشن ٹھیک ہو جائیں گے۔ اس کے علاوہ آپ ان جانوروں کو گڑ کا شربت پلا سکتے ہیں اس شربت کے پلانے سے بھی جانوروں کے موشن ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ آزمودہ ہے۔ (م، ر، ساہیوال)

contact@ubqari.org

عبقری

عبقری میگزین ستمبر 2016 صفحہ 22

facebook.com/ubqari

twitter.com/ubqari www.ubqari.org